۵۰۰	۱۰ پائی	۶ر ۴ پائی	[illegible]	[illegible]	۱ر	۷ر	۱۴ر	[illegible]	۱ر ۱ پائی	۷ر ۸ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۱ر ۳ پائی	۹ر ۲ پائی	[illegible] ۸ر	[illegible]
۶۰۰	۱ر ۱ پائی	۷ر ۴ پائی	[illegible]	[illegible]	۱ر ۲ پائی	۸ر ۵ پائی	[illegible] ۴ر	[illegible]	۱ر ۳ پائی	۹ر ۲ پائی	[illegible] ۸ر	[illegible]	۱ر ۶ پائی	۱۱ر	[illegible]	[illegible]
۷۰۰	۱ر ۳ پائی	۸ر ۷ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۱ر ۴ پائی	۹ر ۹ پائی	[illegible] ۱۰ر	[illegible]	۱ر ۶ پائی	۱۰ر ۸ پائی	[illegible]	[illegible]	۱ر ۱۰ پائی	۱۲ر ۱۰ پائی	[illegible]	[illegible]
۸۰۰	۱ر ۵ پائی	۹ر ۹ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	۱ر ۶ پائی	۱۱ر ۲ پائی	[illegible]	[illegible]	۱ر ۹ پائی	۱۲ر ۳ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۲ر ۱ پائی	۱۴ر ۸ پائی	[illegible]	[illegible]
۹۰۰	۱ر ۷ پائی	۱۱ر ۱ پائی	[illegible]	[illegible]	۱ر ۹ پائی	۱۲ر ۷ پائی	[illegible] ۶ر	[illegible]	۱ر ۱۱ پائی	۱۳ر ۹ پائی	[illegible] ۱۴ر	[illegible]	۲ر ۴ پائی	[illegible] ۶ پائی	[illegible] ۸ر	[illegible]
۱۰۰۰	۱ر ۹ پائی	۱۲ر ۳ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۲ر	۱۴ر	[illegible] ۱۲ر	[illegible]	۲ر ۳ پائی	۱۵ر ۴ پائی	[illegible]	[illegible]	۲ر ۷ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	[illegible]
۲۰۰۰	۳ر ۶ پائی	[illegible] ۶ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	۴ر	[illegible]	[illegible] ۸ر	[illegible]	۴ر ۴ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۵ر ۳ پائی	[illegible] ۹ پائی	[illegible]	[illegible]
۳۰۰۰	۵ر ۲ پائی	[illegible] ۹ پائی	[illegible]	[illegible]	۶ر	[illegible]	[illegible] ۴ر	[illegible]	۶ر ۹ پائی	[illegible] ۱۴ر	[illegible] ۸ر	[illegible]	۷ر ۱۰ پائی	[illegible] ۲ پائی	[illegible]	[illegible]
۴۰۰۰	[illegible]	[illegible] ۱ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۸ر	[illegible] ۸ر	[illegible]	[illegible]	۸ر ۹ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	۱۰ر ۶ پائی	[illegible] ۷ پائی	[illegible]	[illegible]
۵۰۰۰	۸ر ۹ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	۱۰ر	[illegible] ۶ر	[illegible] ۱۲ر	[illegible]	۱۰ر ۱۱ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۱۳ر ۱ پائی	[illegible] ۱۲ر	[illegible]	[illegible]
۶۰۰۰	۱۰ر ۶ پائی	[illegible] ۷ پائی	[illegible]	[illegible]	۱۲ر	[illegible] ۱۴ر	[illegible] ۸ر	[illegible]	۱۳ر ۱ پائی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۵ر ۹ پائی	[illegible] ۵ پائی	[illegible]	[illegible]
۷۰۰۰	۱۲ر ۳ پائی	[illegible] ۱۰ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	۱۴ر	[illegible] ۲ر	[illegible] ۴ر	[illegible]	۱۵ر ۴ پائی	[illegible] ۱ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	[illegible] ۴ پائی	[illegible] ۱۱ پائی	[illegible]	[illegible]
۸۰۰۰	۱۴ر	[illegible] ۲ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۶ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	[illegible] ۵ر	[illegible] ۳ پائی	[illegible]	[illegible]
۹۰۰۰	۱۵ر ۹ پائی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۱۴ر	[illegible] ۱۴ر	[illegible]	[illegible] ۸ پائی	[illegible] ۱۰ر	[illegible] ۸ر	[illegible]	[illegible] ۸ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	[illegible]
۱۰۰۰۰	[illegible] ۶ پائی	[illegible] ۹ پائی	[illegible] ۴ پائی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۸ر	[illegible]	[illegible] ۱۱ پائی	[illegible] ۵ پائی	[illegible] ۸ پائی	[illegible]	[illegible] ۳ پائی	[illegible] ۱ پائی	[illegible]	[illegible]

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بقیہ محصول اسٹامپ ہنڈی یا رقعہ عند الطلب متعلقہ مد ۱ ضمیمہ ۱ ایکٹ ۱۸۷۹ء حرف (الف)

جس میں بیس سے زیادہ بر آرہنڈویات جنکا ایک ہی برت لکھا جاوے اور جنکی میعاد ایک سال سے زیادہ نہو متعلقہ مد ۱۳ ضمیمہ ۱ ایکٹ ۱۸۷۹ء حرف (ب)

بیع مع...	ذیل سے زیادہ نہو	رسوم مناسب
۰	[illegible]	۲ ر
[illegible]	[illegible]	۴ ر
[illegible]	[illegible]	۶ ر
[illegible]	[illegible]	۱۰ ر
[illegible]	[illegible]	۱۲ ر
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

ہنڈوی جس میں بیس ہزار سے زیادہ تو دس ہزار یا جزو دس ہزار کے لیے چھ روپیہ اضافہ ہوگا۔

محصول بمستک متعلقہ مد ۱۳ ضمیمہ ۱ ایکٹ ۱۸۷۹ء

آئندہ بابت ہر چار یا اوسکی جزو کی جو کہ ہزار سے زیادہ ہو ۔ بڑھتا جاوے گا۔

محصول اسٹامپ سارٹیفکٹ نیلام متعلقہ مد ۱۶ وبعینہ مد ۱ ضمیمہ ۱ ایکٹ ۱۸۷۹ء

آئندہ بابت ہر چار یا اوسکی جزو کے جو [illegible] سے زیادہ ہو بڑھتا جائیگا

فہرست شرح رسوم حساب تالیت جو بابت ارجاع نالش لیجاویگی

تعداد مالیت شئے متنازعہ	رسوم مناسب
[illegible] تک فی [illegible]	۶ ر
[illegible] تک فی [illegible]	۱۲ ر
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

انتخاب قواعد ڈاکخانہ بطرز جدید

پوسٹ کارڈ ۔ اسکے ٹکٹ کیطرف صرف نام اور پتہ پانے والے کا لکھو اور کوئی بات مت لکھو نہین تو چٹھی کا محصول دینا
ہوگا اور پوسٹ کارڈ کو لپیٹنا یا کاٹنا یا اوسمین اور کاغذ جوڑنا نہین چاہیے **خطوط لفوف** ۱ محصول نصف تولہ تک (٫۱)
ایک تولہ تک (۱٫) زائد فی تولہ (۱٫) ۲ رسید کسی کتاب یا پرچہ پر مل سکتی ہے بشرطیکہ پتہ مکتوب الیہ صاف لکھا ہوا ور آدھ گھنٹہ
وقت روانگی سے پیشتر (۱۰) زائد محصول سے لگا ہو ۳ دو آنہ زائد محصول لگانے پر رجسٹری ہوگی **بُک فلٹ یا پیکٹ** ۱
ایک فٹ لمبا دو فٹ چوڑا ایک فٹ موٹا سے زیادہ نہو ۲ صرف چھپا ہوا کاغذ اوسکے اندر ہو یا قلم سے صحیح کیا ہوا پروف سیٹ
۳ اگر لفافہ مہتمم مطبع کے نام پر لکھا ہو کہ قلمی تحریر واسطے طبع اخبار کے اور ایسا ہی کاغذ اسمین ہو تو روانہ ہو سکتا ہے
۴ لفافہ دونون طرف کھلا ہوتا کہ دیکھنے والے کو معلوم ہو کہ کیا ہے ۵ محصول ایک تولہ تک ۱ فق چٹھی ایک لیے سے ۱۰ تولہ تک
(٫۲) ۲۰ تولہ تک (۱٫) زائد فی دس تولہ تک (٫۲) ۶ بیرنگ دس تولہ تک نہوگا زائد باختیار اہلکاران ۷ کمی محصول کا دو چند
مطالبہ ہوگا ۸ اگر اخبار بیرنگ ہوگا تو داخل دفتر ہو جائیگا ۹ جسقدر اخبار کہ ایک مطبع سے روانہ ہوتے ہین اگر اونکا محصول تین
مہینے کا پیشگی ڈاکخانہ مین جمع کیا جاے اور ایک پرچہ تین تولہ تک ہو تو پاو آنہ محصول ہوگا اس سے زائد پر محصول بُک فلٹ ہے۔ **پارسل** ۱
ایک پارسل دو ہزار تولہ (۲۲۵۰) سے زیادہ نہو ۲ کپڑے سے بندھا ہو تو سلائی پر ۵ انچہ کے فاصلے پر نام کی مہر ہو ۳ اگر کپڑے
سے یا ٹین وغیرہ سے بند ہوا ور مہر ہو تو رسید ڈاکخانہ سے ملیگی ۴ بھیجنے والا ایک چٹھی فرستادہ کے نام یا پارسل مین رکھ سکتا ہے
۵ محصول ۴۰ تولہ تک (۲٫) ۸۰ تولہ تک (۱۲) زائد فی ۴۰ تولہ (۴) ۶ بیرنگ کا محصول موافق ڈیوڑھ دو صورت کمی بقدر کمی گیرندہ
کو دینا ہوگا **بیمہ چٹھیات رجسٹری یا پارسل** نمونہ اقرار نامہ جو فرستندہ کو داخل کرنا ہوگا چٹھی یا پارسل بنام مقام
محلہ مین فرستندہ اقرار کرتا ہون کہ اسکے اندر اشیاے ذیل ہین۔ نام شی۔ قیمت۔ دستخط۔ مقام۔ محلہ۔ تاریخ۔ اگر نوٹ ہو تو
اوسکا نمبر بھی ہو ۲ لفافہ رجسٹری یا پارسل پر کل قیمت لکھنا ہوگی ۳ فیس بقدر زائد واسطے بیمہ کے [illegible] تک [illegible] سو تک [illegible] زائد
فی سو [illegible] ۴ یا بین ۷ و ۱۰ بجے صبح کے اور دوپہر سے ۵ بجے شام تک بیمہ ہوگا مگر ڈاکخانجات اردو مین بیمہ نہوگا اور اتوار کے دن ۵
مشتبہ صورت ہونے مین پوسٹماسٹر کے روبرو کھولنا ہوگا **اطلاع متفرق** ۱ محصول بذریعہ لگانے ٹکٹ ڈاک کے ادا ہوگا
اور اوسپر نام لکھکر یا لکیر کھینچکر بگاڑ دینا چاہیے اور دیکھ لینا چاہیے کہ مستعمل شدہ سابق نہو ۲ شرائط مندرجہ پوسٹل گائیڈ انگریزی
کو جو ہر سال ایک کتاب قیمتی [illegible] مین چھپتی ہے اور جسمین سب ڈاکخانجات کے نام بھی لکھے ہوتے ہین اور نیز اشتہارات کو جو وقتاً فوقتاً
چھپتے ہین ملحوظ رکھنا چاہیے ۳ ڈاکخانہ سے روانگی کا وقت دریافت کر کے ایسے وقت مین لفافہ وہان بھیجا جاے تاکہ قریب
وقت مین روانہ ہو سکے اور ہرج نہو ۴ لفافہ کا جوڑ گوند والاکھ دونون سے بند کر دیا جاے اور ایک تاگا مضبوط درمیان لفافہ کے
نتھی کر کے دوسری طرف نکالکر بعد دینے گرہ کے گرہ پر مہر لاکھ بہت درست لگا دیجاے ۵ لفافون پر صاف خط مین مکتوب الیہ
کاتب کا نام وعہدہ وغیرہ و شہر یا پرگنہ کا نام تشریح محلہ و موضع و نام ڈاکخانہ کا بھی جہان سے تقسیم کے لائق ہو حتی الوسع دریافت
کر کے لکھنا چاہیے **ضابطہ بُک فلٹ یا پارسل جسکی قیمت بذریعہ ڈاکخانہ وصول ہوگی** اگر چاہے کہ زر قیمت
کسی شی مرسل الیہ سے بذریعہ ڈاکخانہ وصول کرے تو اس حالت مین پہلے بھیجنے والے پر لازم ہے کہ ایک درخواست پوسٹماسٹر صاحب
کو حسب نمونہ ذیل دے۔ نام و پتہ بھیجنے والے کا۔ نام و پتہ مرسل الیہ کا۔ قیمت شی مرسلہ جسکا روپیہ بذریعہ ڈاکخانہ وصول کرنا چاہتا ہے
محصول بُک فلٹ یا پارسل کا بدستور رہیگا کمیشن ڈاکخانہ کو وقت [illegible] زر قیمت شی مرسلہ سے کہ اندر میعاد ایک مہینے کے روپیہ وصول ہو
دینا ہوگا اور کمیشن حسب ذیل ہوگی قیمت شی مرسلہ کی [illegible] تک [illegible] زائد [illegible] سے [illegible] تک [illegible] زائد [illegible] فی [illegible] ۸ اور قیمت [illegible]

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

محصول شی مرسلہ سے جو کچھ باقی رہیگا وہ ڈاکخانہ مرسل الیہ سے وصول کرکے شے مرسلہ حوالہ مرسل الیہ کریگا اور اسی قیمت وصول شدہ سے فیس اپنی حسب شرح صدر حاصل کریگا اور باقی روپیہ فرستندہ کو بذریعہ رسید دیا جاویگا احیاناً اگر مرسل الیہ لینے سے فلٹ یا پارسل سے انکار کریگا ویا صحیح طور پر مرسل الیہ کا پتہ و نشان نملیگا تو ڈاکخانہ شے مرسلہ بھیجنے والیکو واپس دیگا اور نفاذ اس قاعدہ کا مخصوص ملک محروسہ سرکار انگلشیہ مین ہوگا باستثنا ریاستہا ہندوستانی اور کارروائی ضابطہ مذکورہ کی بڑے بڑے ڈاکخانون مین ہوگی اور عموماً ہر ڈاکخانہ متعلق اسکی کارروائی کا نہوگا

ضابطہ منی آرڈر یعنی ہنڈوی سرکاری دوپہر سے چار بجے تک منی آرڈر کا روپیہ ڈاکخانہ سے وصول کرو اور درخواست واسطے منی آرڈر لینے کے داخل کرو جب منی آرڈر جاری کراؤ تب فارم درخواست چھپی ہوئی جو ڈاکخانہ سے ملیگی لیکر اوسمین نام اور پتہ اپنا اور پانیوالیکا اور تعداد روپیہ صاف لکھکر داخل کرنا اور نام صرف ایک شخص پانیوالیکا لکھو اور جو دوکان ہو تو دوکان کا نام لکھو [illegible] سے زیادہ کا منی آرڈر نہین ملیگا اور اوسمین پائی شامل نکرو ایک تاریخ مین ایک ہی آدمی کے نام کے چار منی آرڈر ڈیڑھ ڈیڑھ سو روپیہ تک کے جاری ہوسکتے ہین روپیہ مع کمیشن کے نقد داخل کرو اور کمیشن عہ تک ۲ر سے زیادہ ۲۵ تک ۴ر زیادہ ہر پچیس تک ۴ر اگر منی آرڈر کے ساتھ کارڈ بھیجنا چاہو تو اوسکو اپنی درخواست کے ساتھ نتھی کردو وہ منی آرڈر کے سنگ پانیوالیکو ملیگا جب منی آرڈر گم ہوجاوے تو ڈاکخانہ مین اطلاع کرو اور درخواست اوسکی نقل یعنی مثنی کی کرکے کمیشن داخل کرو تب مثنی ملجاویگا منی آرڈر بیچا نہین جاسکتا ہے اسواسطے اوسپر پانیوالیکے دستخط ضرور ہونے چاہیئے جب دستخط ہوجاوی تب جو کوئی ڈاکخانہ مین اوسکو پیش کریگا اوسکو روپیہ ملجاویگا مگر پیش کرنیوالا سچا ہو اور جو منی آرڈر غیر تقسیم شدہ کے روپیہ پانیوالیکے نام بدلنا چاہو تو دوسری درخواست ڈاکخانے مین مع کمیشن داخل کرو کمیشن کے ٹکٹ منی آرڈر کی پیٹھ پر لگا دیے جاوینگے اور نام بدل دیا جاویگا اگر فقط پتہ و نشان سکونت کا بدلوانا چاہو تو بھی درخواست دوسری دو لیکن کمیشن اوسپر نہین لیجاویگی جب کوئی منی آرڈر تقسیم نہوسکیگا تو تین ہفتہ تک پانیوالیکا پتہ لگنے کا انتظار دیکھکر اور جو انکاری ہوگا تو فوراً ڈاکخانہ تقسیم سے اوسکا روپیہ بھیجنے والیکے نام بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا اور جو بھیجنے والیکا بھی پتہ نہ لگیگا تو میعاد گذرنے پر ضبط ہوجاویگا اس منی آرڈر کا دوبارہ کمیشن نہ لیا جاویگا منی آرڈر کا روپیہ اوسی ضلع سے ملسکتا ہے جسکا نام اوسمین لکھا ہے اور جو تم چاہو کہ کسی ڈاکخانہ دوسرے ضلع سے ملے تو منی آرڈر پر رسید کی جگہ دستخط کرکے مع ایک درخواست اور ٹکٹ کمیشن کے پاس پوسٹماسٹر صاحب صدر ڈاکخانہ اوس ضلع کے جہان سے روپیہ ملنا اوسمین لکھا ہے بھیجدو اور اپنی درخواست مین نام اوس ڈاکخانہ اور ضلع کا جہان سے روپیہ لینا چاہو اور نام پانیوالیکا لکھدو تو نیا منی آرڈر جاری ہوجاویگا اور رسید اوسکی تمھارے پاس آجاویگی اور جو کمیشن نہ بھیجو تو لکھدو کہ منی آرڈر کے روپیہ مین سے وضع کرکے باقی روپیہ کا منی آرڈر جاری ہو جب منی آرڈر کا روپیہ جس مہینے مین کہ وہ جاری ہوا ہے اوسکے آیندہ کے مہینے کی اخیر تاریخ تک وصول ہوسکتا ہے اور اوس تاریخ سے دو مہینے کے اندر دوبارہ کمیشن داخل کرکے مل سکیگا ور دو مہینے گذرجانیکے بعد ضبط ہوجائیگا جیسے کوئی منی آرڈر جون مین جاری ہوا تو ۳۱ جولائی تک روپیہ وصول ہوگا اور ۳۰ ستمبر تک دوسرا کمیشن دیکر ملیگا اور ۳۰ ستمبر کے بعد ضبط ہوجائیگا دوبارہ کمیشن کے ٹکٹ منی آرڈر کی پشت پر چسپان کرنا چاہیئے جو منی آرڈر ضبط ہوگیا ہے اور اوسکا روپیہ لیا چاہو تو صاحب پوسٹماسٹر جنرل کو عرضی دو اور اوس منی آرڈر کو دستخط کرکے عرضی کے ساتھ بھیجو اور اوسمین وجوہات ضبط ہوجانیکی تحریر کرو اور یہ بھی لکھو کہ روپیہ کس مقام پر اور کسکو ملے بھیجنے والیکو یا پانیوالیکو جو صاحب ممدوح درخواست تمھاری منظور کرلینگے تو بعوض اوس منی آرڈر کے جدید منی آرڈر بعد منہائی کمیشن یکچند یا زیادہ کے ملجاویگا اور پھر اوسکا روپیہ وصول ہوجائیگا

سیونگ بنک ڈاکخانہ اگر کوئی اپنا روپیہ جمع کیا چاہے تو جن ڈاکخانون سے منی آرڈر کا روپیہ ملتا ہے وہان جاکر ہم سے پانچسو روپیہ تک جمع کرسکتا ہے اسمین جمع کرنے والا خواہ مرد ہو یا عورت ہو یا لڑکا نابالغ ہم سے کم پانسو سے زیادہ یا چوانیون کے حساب سے باہر ہو وہ رقم نہ لیجاویگی اور پانچ روپیہ پر پاو آنہ مہینہ سرکار سود دیگی اگر کوئی شخص سال بھر تک کا سود نہ لیگا تو یہ رقم بھی داخل اصل کردیجاویگی روپیہ ایک گواہ کے سامنے جمع ہوگا روپیہ جمع کرنیوالا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کو علاوہ پابندی قواعد ڈاکخانہ کے اس امر کا بھی پابند رہنا ہوگا کہ کسی دوسرے سیونگ بنک سے معاملہ نکرین روپیہ جمع کرنے والون کو بنک سے ایک کتاب ملیگی کہ جسمین روپیہ کا دینا اور لینا لکھا جایا کریگا اور ہر رقم پر باقی نکالدی جایا کریگی اور اگر یہ کتاب کھو جائیگی تو ایک روپیہ فیس دینے سے دوسری کتاب بھی مل سکتی ہے ڈاکخانہ سے جمع کنندگان کو ہفتہ مین ایک مرتبہ روپیہ ملسکتا ہے مگر اوس کتاب پر رسید لکھنے کی اور اس رسید پر ٹکٹ لگانیکی ضرورت نہین ہے **ڈاکخانہ کا نوٹ** ہر ڈاکخانہ سے تین قسم کا نوٹ ملسکتا ہے یعنی ۸ ہر اور ۸ عہ اور ۸ ر کا ۸ ہر کی فیس ۱ ر ہے عہ ر کی فیس ۲ ر ہے ۸ ر کی فیس ۳ ر ہے جو شخص ایک مقام سے دوسرے مقام کو بھیجے تو روپیہ پانے والیکا نام ضرور لکھدے اور روپیہ پانیوالا اپنے دستخط کرکے ڈاکخانہ سے روپیہ منگوالے اگر وہ ڈاکخانہ ماتحت ہوگا تو اپنے صدر ڈاکخانہ سے روپیہ منگوا کے دیگا نوٹ کھو جانیکی احتیاط سے نمبر لکھہ رکھنا ضروری ہے تاکہ اوس سے پتہ لگ جاے نوٹ اگر مشکوک یا پھٹا یا بگڑا ہوگا تو روپیہ نہ ملیگا نوٹ کی تاریخ اجرا سے تین مہینے تک میعاد ہے بعد اسکے دوبارہ کمیشن دینے سے روپیہ ملیگا اگر پھر بھی تین مہینے گذر جاوین تو روپیہ ضبط

ویلیج پوسٹ آفس یعنے چھوٹے ڈاکخانے واسطے فائدہ عام کے چھوٹے چھوٹے موضعون مین جہان کہ خط کی آمد و رفت ہے اور ڈاکخانہ نہ تھا وہان کے مدرس یا کسی معزز دوکان دار کے سپرد خطوط کی روانگی و تقسیم کردی گئی **ٹیلیفون یعنی وہ تار برقی جسمین منہ سے بات کیجاے** اس قسم کے تار کا بھی اکثر ڈاکخانون مین استعمال ہو رہا ہے **ہندوستان سے انگلینڈ کا محصول** خط آدھے اونس تک پر (۲ ؍ ۸) پوسٹ کارڈ (۱ ؍) اخبار چار اونس پر (۱ ؍) پم فلٹ ۲ اونس پر (۱ ؍) پارسل فی پونڈ ۸ ؍ منی آرڈر فی دو پونڈ (۴ ؍) ۵ پونڈ کے (۱۰ ؍) پونڈ کے (۱۲ ؍) ۱۰ پونڈ کا (عہ) علیٰ ہذا القیاس **ہندوستان سے غیر ولایتونکا محصول** وہ ولایتین جو یورپ یا ایشیا یا امریکا مین واقع ہین اور جنسے سرکار انگریزی سے صلحنامہ ہے مثل فارس یا عدن یا مکہ یا بغداد یا بصرہ یا شام یا مصر یا قسطنطنیہ یا فرانس یا جرمن یا آسٹریا یا روس یا چین یا جاپان - انکا محصول مندرجہ ذیل ہے - خط آدھے اونس پر (۲ ؍) کارڈ پر (۱ ؍) اخبار چار اونس تک (۱ ؍) پم فلٹ ۲ اونس تک (۱ ؍) پارسل دو پونڈ تک ۸ ؍ **ہندوستان سے امریکا کا محصول** امریکا کی ڈاک کے دو راستے ہین ایک اٹلی سے دوسرا یونائیٹڈ کنگڈم سے اگر اٹلی سے جاے تو وزن مندرجہ بالا پر خط کے (۲ ؍) کارڈ کا (۱ ؍) اخبار (۱ ؍) پم فلٹ (۱ ؍) اور یونائیٹڈ کنگڈم سے خط کے (۲ ؍ ۸) کارڈ کا (۱ ؍) اخبار (۱ ؍) پم فلٹ (۱ ؍)

مختصر قواعد تار برقی - ۱ - دفتر ٹیلیگراف صحت پیام کا ذمہ دار نہین ہے ۲ بھیجنے والا اپنے پیام کو صحت کے ساتھ صاف تحریر کرے ۳ کوئی پیام پانچسو لفظ سے زائد کا نہ بھیجا جائیگا اور دوسرا پیام اوسی شخص کیطرف سے جبتک تین گھنٹہ نہ گذر جائین اور لین صاف نہولے نہ بھیجا جائیگا ۴ کل پیامات حروف رومن یا شکل عربی یعنے خط نسخ مین صاف تحریر ہونا چاہیے پیامات دیسی زبان یا کسی زبان ملک غیر مین یا سفر مین بشرطیکہ وہ عربی شکل مین یعنی خط نسخ مین تحریر ہون بھیجے جاسکتے ہین سواے شہرون کے اور مقامات مین دیسی آدمیون کو ترجمہ کی مدد ملسکتی ہے ۵ خبر کے عنوان پر پتہ حسب صراحت قاعدہ ۱۶ کے لکھا جائیگا اور صحیح دستخط اور پتہ فرستندہ کا نیچے مضمون خبر کے تحریر ہونا چاہیے فرستندہ خبر خانگی بغرض تصدیق دستخط طلب بھی ہوسکتا ہے ۶ پتہ مین کل تصریح جس سے روانگی پیام کی منزل مقصود پر ہوسکے درج ہونا چاہیے فرستندہ متحمل اون نتائج کا جو بوجہ پتہ ناکافی کے پیدا ہون ہوگا بعد روانگی پیام کے منسوخی یا اصلاح یا ترمیم یا تکمیل نہین ہوسکتی مگر باداے محصول ثانی و بذریعہ خبر ثانی ۷ ہر عبارت مشکوک کی و تصدیق فرستندہ پیام یا اوسکے قائم مقام کی ہونا چاہیے ۸ اگر کسی شخص کو خبر تار برقی ایسے مقام سے بھیجنا ہو جہان دفتر تار برقی نہین ہے تو اوسکو لازم ہے کہ اوس خبر کو دفتر تار برقی مین باداے محصول ڈاک رجسٹری کراکے مع محصول خبر بذریعہ ٹکٹ ڈاک یا ٹکٹ ٹیلیگراف کے اوس دفتر سرکاری تار برقی مین بھیجے جو اوس مقام سے متصل ہو اور رسید اوسکی بلا محصول ڈاک فرستندہ کے پاس بھیجدیجائیگی لیکن اگر زر محصول ناکافی بھیجا گیا ہوگا تو فرستندہ کے پاس خبر مع اسٹامپ ناکافی سروس بیرنگ واپس بھیجا جائیگا ۹ خبر اون مقامات کو بھی جاسکتی ہے جہان تار گھر نہو مگر ایسی صورت مین فرستندہ کو یہ تحریر کرنا چاہیے کہ بلا محصول ڈاک خبر مذکور

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بذریعہ کسی دفتر ٹیلیگراف کے مکتوب الیہ کے پاس پہونچیگی ایسی صورتمین محصول ڈاک نہ لیا جائیگا بلکہ دفتر تار بھر خود متحمل ہوگا اور اگر فرستندہ کو خبر بذریعہ
ڈاک دیسی بصیغہ رجسٹری بھیجنا منظور ہو تو لفظ بلا محصول ڈاک کے آگے لفظ رجسٹری شدہ لکھے اور اوس رجسٹری کی بابت دو آنہ بھیجے
لیکن جو خبرین کہ ملک غیر کو اسطرح پر بھیجی جائینگی تو فرستندگان خبر کو خرچ رجسٹری ادا کرنا لازمی ہوگا ۱۰ کل محصول بابت خبر کے پیشگی بذریعہ
اسٹامپ کے لیا جائیگا مگر جب بذریعہ میل اسٹیمر یعنی جہاز ڈاک یا دیگر جہاز کے بغرض روانگی موصول ہو خبر بیرنگ بندرون سے روانہ ہوسکیگی
جبکہ نام جہاز کا بھی ظاہر کر دیا جاوے خبر بیرنگ موسوم الیہ خبر کو حوالہ نکیجائیگی جبتک کہ محصول ادا نہووے ۱۱ محصول بابت خبر تار برقی کے
بذریعہ اسٹامپ ٹیلیگراف کے ادا ہونا چاہیے اور وہ اسٹامپ ہر خزانہ اور ہر سرکاری ٹیلیگراف اسٹیشن مین دستیاب ہوسکتے ہین اسٹامپ
ٹیلیگراف دو چہرہ کے ہوتے ہین اسلیے کہ نصف چہرہ اوپر کار سید پر چیپکا کے واپس کر دیا جاوے جسکے ذریعے سے فرستندہ خبر کو ثبوت
اس امر کا حاصل ہوگا اوسکی خبر بوجہ اسٹامپ کے مخفی نہین کر دی گئی اور نصف ٹکٹ زیرین خبر پر لگا دیا جائیگا بطور اس سند کے کہ اوسکی
بابت محصول ادا ہوگیا نقشجات جنپر خبر تحریر ہونا چاہیے بلا قیمت ٹیلیگراف اسٹیشنون سے ملسکتے ہین اور فرستندگان خبر کو ہوشیاری
کے ساتھ مقامات خالی پر بغرض مذکور نقشہ جات خبر پر ٹکٹ اسٹامپ چسپان کرنا چاہیے یعنی نصف ٹکٹ اوپر کار سید پر اور نصف ٹکٹ
زیرین خبر پر ہونا چاہیے اور اس امر کا بھی لحاظ چاہیے کہ اسٹامپ مذکور ساتھ اسٹامپ دفتر کے جسپر نام اسٹیشن و تاریخ درج ہو بگاڑ دیا گیا یا نہین
وہ ٹیلیگراف اسٹامپ جنکے دو ٹکڑے قبل بھیجے جانے دفتر ٹیلیگراف کے ہوگئے ہون یا جنکی شکل کسی طریق پر خراب ہوگئی ہو لیے نہین جاینگے
۱۲ خبر معمولی متعلق ریاست رجواڑہ جو منجانب عہدہ داران سرکاری روانہ ہو محصول اوسکا بذریعہ زر نقد یا اسٹامپ کے قبل روانگی
ادا ہونا چاہیے اور شرح محصول خبر راج کی وہی ہی جو خبر اشخاص خانگی کے لیے مقرر ہے ۔ لیکن خبر ضروری ریاست مذکور کی بابت جائز ہے
کہ فرستندہ بعد روانگی خبر کے ۲۴ گھنٹہ کے اندر محصول دریافت کرکے ادا کرے ۱۳ خبر ریاست پر جسپر لفظ ضروری نہ لکھا ہو خبر معمولی متصور
ہوگی ۱۴ کوئی خبر بلا ادائے محصول بجز اشکال مندرجۂ بالا کے نہ بھیجی جائیگی ۱۵ - افسر ٹیلیگراف ایسی خبر کی روانگی سے انکار کرسکتا ہے
جو قطعی طور پر قابل اعتراض یا تعجب انگیز ہو اگر خبر مشتبہ ہو تو سیکرٹری گورنمنٹ یا چیف سول یا ملٹری افسر سے استصواب کیا جاسکتا ہے
۱۶ - کوئی محصول بابت روانگی پتہ کے نہ لیا جائیگا پتہ مین نام جہان سے جہان تک خبر بھیجی جاوے اور صحیح نام یا پتہ بھیجنے والیکا اور موسوم الیہ
کا لکھنا چاہیے اور الفاظ سوا اسکے بلا محصول روانہ ہونگے اور اندر مضمون خبر کے بھیجنے والا خبر کا اگر پتہ نشان اپنا ظاہر کریگا تو اوسکی بابت بھی
محصول لیا جائیگا ۱۷ فرستندہ خبر سے محصول بابت جواب خبر کے پیشگی لیا جائیگا جو وہ چند محصول خبر اصلی سے زائد نہو اور ایسے جواب طلب
خبر صرف ایک ہی شخص کے نام روانہ ہوگی نہ چند اشخاص کے نام اور فرستندہ خبر کو اپنی خبر مین یہ لکھنا چاہیے کہ محصول جواب ادا کیا گیا
۱۸ کوئی واپسی محصول کی کسی حالت مین بابت خبر ریاست راج کسی قسم یا کسی خبر عام یا غیر ضروری یا خانگی کے نہوگی اور کوئی واپسی محصول
کی بابت کسی خبر معمولی یا ضروری یا خانگی کے جو کلاً یا جزواً ناقابل تفہیم ہو نہوگی سوائے اوس صورت کے کہ محصول زائد بابت خبر حسب
خبر مذکور کے منجانب فرستندہ ادا کیا گیا ہو ۱۹ کوئی خبر معمولی یا ضروری خانگی حوالہ نہ کیجاوے یا اوسکی نسبت بوجہ قصور دفتر ٹیلیگراف
تاخیر کثیر ہو تو محصول جو اوسکی بابت ادا کیا گیا ہے فرستندہ خبر کو واپس دیا جائیگا ؛ ۲۰ فرستندہ اور موسوم الیہ خبر کو استحقاق حاصل
کرنے نقل خبر مصدقہ کا ہے اور معمولی محصول ہر خبر کی بابت ۴ ہی اور عام دفتر ٹیلیگراف مین نقل خبر کی صرف تین روز تک رہتی ہی اگر
تین روز کے بعد بغرض حصول نقل خبر پیش کیجاوے تو ٹیلیگراف چیک آفس کلکتہ مین پیش کرے اور درخواست مذکور چھ مہینے کے اندر تاریخ
خبر سے پیش ہوسکتی ہے بعد چھ مہینے کے کل نقولات خبر تلف کر دیے جاتے ہین اور درخواست نقل کے ساتھ ایک آنہ کا ٹکٹ ڈاک بغرض
جواب بھیجنا چاہیے اور اگر ٹکٹ ایک آنہ کا نہ بھیجا جائیگا تو جواب بیرنگ آئیگا ؛ ۲۱ ایک خبر ایک ہی شہر مین اگر کئی شخصونکو بھیجی جاوے
تو محصول ایک خبر کا پورا باقی فی خبر ۴ ہوگا محصول عام خبر تار برقی جو مابین اوقات دفتر ٹیلیگراف کے بغرض روانگی بذریعہ
۶ میل واقع سنٹرل گورنمنٹ دفتر ٹیلیگراف کے پیش کیجائین - آٹھ لفظ تک ۴ ر - ۱۶ لفظ تک ۸ ر محصول خبر تار برقی غیر ضروری

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جو مابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف بغرض روانگی دقت شب کے پیش کیجاوے اور جو انگی منزل مقصود پر اول وقت صبح آیندہ کو پہونچنا مقصود ہو۔ آٹھ لفظ تک ۱ر۔ زاید ہر فی لفظ ۱ر **محصول خبر معمولی تار برقی** جو مابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف کے پیش کیجاوے آٹھ لفظ تک ۱عہ۔ آٹھ لفظ سے زائد فی لفظ ۲ر **شرح محصول ضروری خبر تار برقی** جو مابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف کے فوراً روانہ کیجاوین۔ آٹھ لفظ تک ۱۲ آٹھ لفظ سے زائد فی لفظ ۴ر **محصول خبر واسطے طبع اخبار** کے ۴۳ **لفظ تک** اگر غیر ضروری خبر ہو تو ۸ر اگر خبر معمولی ہو تو ۱عہ ر۔ اگر ضروری ہو تو ۲ہ **تار برقی انگلینڈ** چٹگام یا اوس سے پچھم کے شہرون سے انگلینڈ کو اگر تار دیا جاوے بشرطیکہ ترکی کی راہ سے ہو تو فی لفظ ۲ہ ہونگے اور اگر طہران یا نہر سویز کی راہ سے ہو تو فی لفظ ۱۲ہ ہونگے اور اگر کوئی شہر پورب کیجانب چٹگام سے ہوگا تو فی لفظ ۲ر زائد ہونگے ✤

گرہن متعلقہ سنہ ۱۸۸۴ عیسوی

واضح ہو کہ زمین کی شکل گول ہے اور اس گولائی کے سبب سے آفتاب یا مہتاب ہر وقت ایک شہر کے مقابلہ مین نہین رہتے مثلاً جس وقت آفتاب ایک شہر کے سامنے ہے تو وہان دن ہے اوسی وقت جس شہر کے مقابل نہین ہے وہان شب ہے علیٰ ہذا القیاس کہین شام ہے کہین صبح ہے غرضکہ ہر شہر کے وقت جداگانہ ہین اور یہی قاعدہ گرہن کے واسطے بھی ہے کیونکہ جس وقت آفتاب مین گرہن پڑیگا تو جس شہر کے سامنے ہوگا وہان ضرور دوپہر دن ہوگا اور جو شہر کہ شرقاً یا غرباً ہٹے ہونگے بیشک وہان دوپہر سے قبل یا بعد ہوگا بلکہ اکثر جگہ اوس وقت شب باقی ہوگی تو اس نقشہ مین یہ التزام کیا گیا ہے کہ امسال جو جو گہن نمایان ہونگے تو کس شہر سے کس شہر تک اونکا دکھائی دینا ممکن ہے اور کہان نہ دکھائی دینگے طریقہ اسکے جاننے کا یہ ہے کہ جو وقت سورج گہن کا ہے تو نقشہ مندرجہ ہذا مین اوسوقت کس کس شہر مین دن ہے اور کہان کہان شب ہے جہان رات ہے وہان سورج گہن نہ دکھائی دیگا اور اسی پر چاند گہن کو بھی قیاس کرنا چاہیے کہ جن جن شہرون مین دن ہوگا وہان ہرگز نہ دکھائی دیگا۔

پس رات اور دن کے فرق معلوم کرنیکو یہ شکل ☞ ( ) یہ شکل رات کی بنادی ہے مثلاً ۱۲ بجے گہن پڑا تو نہین معلوم کہ رات ہے یا دن ہے اب اس شکل کے ہونے یا نہونے سے رات اور دن معلوم ہوجائیگا بلکہ یہ بھی معلوم ہوجائیگا کہ کس شہر مین کس وقت گہن دکھائی دیگا ✤

نام شہر	۲۷ مارچ سورج گہن	۱۰ اپریل چاند گہن	۴ اکتوبر چاند گہن	۱۹ اکتوبر سورج گہن
لنڈن	۶ بجے صبح	دوپہر دن ۱۲ بجے	۱۰ بجے شب	۱ بجے شب
قسطنطنیہ	۸ بجے	۲ بجے	۱۲.۰ بجے	۳ بجے
مصر	"	"	"	"
زنجبار	۸.۰ بجے	۲.۰ بجے	۱.۰ بجے	۳.۰ بجے
مکہ	۹ بجے	۳ بجے	۱.۰ بجے	۴ بجے
شیراز	۹.۰ بجے	۳.۰ بجے	۲ بجے	۴.۰ بجے
کابل	۱۰.۰ بجے	۴.۰ بجے	[illegible] بجے	۵.۰ بجے
بمبئی	۱۱ بجے	۵ بجے	۳.۰ بجے	۶ بجے
لاہور	"	"	"	"
دہلی	۱۱ بجے	۵ بجے	۳.۰ بجے	۶ بجے
حیدرآباد دکن	"	"	"	"
رام پور	"	"	"	"
کانپور	۱۱.۰ بجے	۵.۰ بجے	۴ بجے	۶.۰ بجے
الہ آباد	" بجے	"	"	"
بنارس	"	"	"	"
پٹنہ	۱۱.۰ بجے	۵.۰ بجے	۴ بجے	۶.۰ بجے
مرشدآباد	۱۲.۰ بجے	۶ بجے	۴.۰ بجے	۷ بجے
کلکتہ	"	"	"	"
رنگون	۱.۰ بجے	۶.۰ بجے شام	۵ بجے	۷.۰ بجے
چین	۲.۰ بجے	۷.۰ بجے	۶ بجے صبح	۸.۰ بجے
مکسیکو	۱۱.۰ بجے	۵.۰ بجے صبح	۴ بجے	۶.۰ بجے
ڈمرارہ	۲ بجے	۷.۰ بجے	۶ بجے شام	۸.۰ بجے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تواریخ سلطنت ترکی[١] من ابتدای زمان غازی عثمان خان تا عہد سلطان عبد الحمید خان ثانی خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

سلطان الغازی عثمان خان اول



یہ شخص اوس سلیمان شاہ تاتار کا پوتا ہی جسنے اپنی فتح کا ڈنکا
مثل چنگیز خان کے جمایا تھا اور اسی ایام میں اپنے ملک ترکستان
سے ہجرت کر کے روم کا قصد کیا اور صوبہ آذربائجان وغیرہ پر قابض ہوتا
ہوا صوبہ اہلاط[١] پر پہونچا وہانسے شاہ علاؤالدین[٣] کے ظل عاطفت
میں آکر ایشیا جنوبی کی سمت بڑھتا تاتاریوں پر فتوحات حاصل
کرتا ہوا دریائے فرات پر پہونچا اور وہیں قضا کی اسکے چار فرزند
تھے منجملہ اونکے طغرل نے شاہ علاؤالدین کے دل میں بڑی جگہ
پیدا کی اور اکثر فتوحات اوسکی طرف سے حاصل کیں آخرکو بعد
انتقال طغرل کے اوسکا بیٹا عثمان خان جو کہ ۶۵۷ ہجری
مطابق ۱۲۵۹ء میں پیدا ہوا اپنے باپ کے کام پر مقرر ہوا چونکہ
ستارۂ اقبال بلند تھا شاہ علاؤالدین نے اپنی لڑکی سے عقد کر دیا
اور بجز اس لڑکی کے کوئی لڑکا نہ تھا اس سبب سے تمام نظم و نسق
عثمان خان نے سپرد کیا سکہ اسی کے نام کا جاری کر دیا اگرچہ
حکومت کامل اسکو حاصل ہوگئی لیکن تا حیات علاؤالدین
عثمان خان نے خطاب شاہی نہ قبول کیا اور نہ کسی طرح کی حرکت
کی بلکہ شہر قلز اور قراسہری وغیرہ کو فتح کیا ایکبار شہزادہ
بیلیجگی نے عثمان کی دعوت کر کے یہ چاہا کہ کسی مکاری سے
ہلاک کریں مگر وقت پر نا کامیاب ہوا عثمان اور اوسکے ہمراہی
مکان شہزادہ مذکور میں آگ لگا کے باہر نکل آئے اور اوسکی
صوبجات اور قلعجات کو جمیع کے سلطان علاؤالدین کی
مملکت کے ملحق کر دیا غرض بعد فتوحات بسیار ۷۲۶ ہجری
مطابق ۱۳۲۶ء میں ۲۷ برس سلطنت کر کے ۶۹ برس کے سن
میں وفات پائی یہ بادشاہ ایسا کریم اور سپاہ پرور تھا کہ
بعد انتقال بجز اسلحہ کے اور کچھ نقد نہ نکلا ٭

[١] یہ شہر سرحد شام پر واقع ہے ۱۲
[٢] یہ صوبہ ارمینیہ کبری یعنے ایشیای روم کا ایک شہر ہے ۱۲
[٣] یہ بادشاہ اوسوقت روم و شام وغیرہ کا حاکم تھا ۱۲

سلطان آرخان



غازی آرخان جو کہ ۶۹۱ ہجری مطابق ۱۲۹۲ء میں پیدا ہوا تھا
بعد انتقال اپنے والد کے ۷۲۶ھ مطابق ۱۳۲۶ء میں ۳۵ برس
کے سن میں تخت عثمانیہ پر جلوہ افروز ہوا اسنے شہر بروسہ
جسکو حین حیات اپنے والد کے فتح کیا تھا اپنا پایہ تخت قرار دیا
اس بادشاہ نے مثل عنگولہ و کلندرہ و ابدوس و سمندرہ وغیرہ
فتح کیے حاکم نقمیدیا کو جنگ میں مار کے اوسکے شہر پر تسلط کیا
ساکنان شہر کو امن دی صوبہ بتھینیہ کے تمام شہر کو اپنے تصرف میں
لایا بادشاہان سلجوقیہ کے سکون کو مٹایا اپنے نام کا سکہ جاری
کیا اپنے بھائی علاؤالدین کو عہدہ وزارت دیکر سپہ سالاری
فوج پر مامور کیا اس زمانہ میں کچھ سپاہ شاہی نے تمردی اختیار
کی آرخان نے عیسائیوں کو بھی فوج میں بھرتی ہونے کی اجازت دی
لیکن اس شرط پر کہ جو مسلمان ہو جائے اس حکم پر ہزارہا
عیسائی مسلمان ہو کر فوج میں بھرتی ہونے لگا چند روز
میں جو خدشہ پہلی فوج سے ہوا تھا وہ جاتا رہا شہر نیشا
اور نکاق جو ایک بڑی صناعی کی جگہ تھے جنپر عثمان خان نے
فتح نہ پائی تھی وہ بھی قبضہ میں آگئے جب یہ حال دیکھا
تو شاہنشاہ قسطنطنیہ نے منادی کر دی کہ یورپ سے کوئی
یونانی ایشیا میں اور ایشیا سے کوئی عثمانی یورپ میں نہ آنے
پاوے باوجود اس حکم کے سلیمان پاشا افسر فوج
عثمانیہ ایک حیلہ سے یورپ میں پہونچ ہی گیا اور جا بجا
قسطنطنیہ کے گرد نواح کے شہروں پر قبضہ کر کے
یورپ ہی میں قیام کیا ایک روز فوج کا جائزہ
لیتے وقت گھوڑے سے گر کر فوراً انتقال کر گیا
غازی آرخان بھی اسکے صدمہ میں بعد ایک سال
کے ۷۶۱ ہجری مطابق ۱۳۵۹ء ۳۵ برس سلطنت
کر کے ۷۵ برس کے سن میں راہی ملک بقا ہوا ٭

سلطان الغازی مرادخان اول



بعد رحلت غازی آرخان کے اوسکے چھوٹے بیٹے مرادخان کو
چالیس برس کے سن میں تخت عثمانیہ میسر آیا اس بادشاہ
نے اپنے باپ کی سلطنت کو ترقی دی اور اسکے
زمانہ میں اہل ہنگری و سرویہ پر ترکوں کو اول فتح حاصل
ہوئی تھی شاہ سرویہ نے بعوض ۴۰ ہزار روپیہ سالانہ اور
ایکہزار سوار خراج دینے پر سلطان سے صلح کی شاہ
بلگیریہ نے اپنی بیٹی کو نذر سلطان کیا ایک مدت
کے بعد سلطان مرادخان کے فرزند نے پسر شاہ
یونان سے دوستی کر کے سلطان سے بغاوت
کی اور دونوں نے بادشاہ سے جنگ کرنا چاہا
بادشاہ نے اپنے اور شاہ یونان کے لڑکے کی بغاوت کی
اطلاع شاہ یونان کو دی اوسنے کہا کہ میں اس حال سے
آگاہ نہیں بہتر ہے کہ دونوں کو سزائے معقول دیجائے سلطان
نے فوج بھیجکر دونوں کو گرفتار کیا اپنے بیٹے کو قتل کیا
پسر شاہ یونان کو اوسکے باپ کے حوالہ کیا باپ نے
بیٹے کی آنکھیں نکلوا ڈالیں اس عرصہ میں اہل بلگیریہ
و سرویہ و باسینیا و اہل ہنگری ملکر ترکوں سے جنگ آور
ہوئے جسمیں ۱۵ ہزار ترکی تباہ ہوئے مگر بعد تین ماہ کے ۷۹۱ھ
مطابق ۱۳۸۹ء میں ترکوں نے سبکو شکست فاش دی اور بلگیریہ
کو مملکت عثمانیہ میں داخل کر لیا یہ حرکت شاہ سرویہ کو ناپسند
آئی اور فوج بسیار فراہم کر کے پھر جنگ کی مگر اسمیں بھی ترکوں
کو فتح ہوئی اور شاہ سرویہ گرفتار ہوا مگر وقت ملاحظہ مقتولان
سرویہ کی کسی سپاہی نے جو کشتوں میں پوشیدہ تھا سلطان کو ایسا زخم مارا
کہ روح پرواز کر گئی قاتل مرادخان ہمراہ شاہ سرویہ کے قتل کیا گیا
یہ بادشاہ بعمر ۷۱ سال ۳۰ برس حکمرانی کر کے ۷۹۱ھ
مطابق ۱۳۸۹ء میں فوت ہوا ٭

[١] اس تواریخ میں جسقدر کہ تصاویر بنائی گئی ہیں ناظرین اونکو مصنوعی نہ سمجھیں بلکہ ایک انگریزی تواریخ معتبر سے بعینہ نقل کی گئی ہیں ۱۲

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یلدرم بایزید خان اول



بعد رحلت غازی مراد خان کے ۷۹۱ھ ہجری
مطابق ۱۳۸۹ء میں تخت نشین ہوا شاہ سرویہ
جدید نے بھی مجبور ہو کے اپنی بہن بایزید خان
کی زوجیت میں دیکر صلح کر لی وہان سے فراغت
کر کے دوسرے مقامون مثل کاسٹی مونی
و ساسون و ابیشیہ وغیرہ شہرون کو اپنی سلطنت
سے ملا لیا اور پہلے سب سے یہی بادشاہ خطاب
سلطانی سے ملقب ہوا اسکے عہد مین پوپ یعنے
سردار عیسائیان نے فرانس وغیرہ کے بڑے بڑے
عیسائیون کو جمع کر کے ترکون پر بڑے زور شور سے
دھاوا کیا اور راہ مین جسقدر ملک ملے سب کو
فتح کرتے ہوئے چلے آتے تھے کہ سلطان نے
دریاے باسفرس اوتر کر روکا اور بعد جنگ نیسپالس
کے فتح پائی وہان سے واپس آکر شہر انجیستر کو
اپنے قبضے مین لایا شاہ قسطنطنیہ نے بشرط مبلغ
[illegible] سالانہ بطور خراج دینے اور ایک کلیسا کے
مسجد اور ایک قاضی واسطے فیصلہ مسلمانان کے
مقرر کرنے پر صلح کر لی جب تسلط کامل ہو گیا تو بادشاہ
طرف عیاشی و شراب خواری کے مائل ہوا ناگاہ خبر
آئی کہ امیر تیمور صاحبقران جسنے ترکستان سے ہندوستان
تک چشم زدن مین فتح کیا ہے سلطنت عثمانیہ پر آگیا
بادشاہ نے جو سنا تو مقابلہ پر آمادہ ہوا اور جلد ہی انگورہ
مین امیر تیمور کی تاتاری سپاہ نے چار ہزار جنگی ترکیون کے
سرونکو اوکھیڑ کی انہین دباکر زندہ گرفتار کیا بادشاہ
گھبرا کر ایشیا کیطرف بھاگا وہان بھی تیمور نے پیچھا کیا اور گرفتار
کر کے پنجرہ آہنی مین بند کر دیا ۸۰۵ھ مطابق ۱۴۰۳ء مین
اوسی قید مین مر گیا امیر تیمور نے اسکے فرزند موسی کو کچھ
اسباب یراق وغیرہ دیکر رخصت کر دیا اور خود واپس آیا

سلطان محمد خان اول



جب یلدرم بایزید قید تیمور مین آیا فرزند اوسکا بھاگ کر اپنی مملکت مین
آیا اور باہم خوب جنگ کی اسی اثنا مین شہزادہ موسی بھی
آگیا اور جنگ مین شریک ہو گیا اور ہمراہ اپنے بڑے بھائی
سلیمان خان کے ہو کر چھوٹے بھائی محمد خان سے جنگ کی مگر اتفاق
تقدیر سے محمد خان نے سب پر فتح پائی اور سلیمان کو اوسکے
لشکر نے اور موسی کو محمد خان نے قتل کیا اور تخت سلطنت پر
جلوہ افروز ہو کر شاہان فرنگ یونان سے راہ و رسم جاری
کر دیا حاکم قرمان نے جو کہ دشمن بایزید تھا فرصت پا کر
شہر برصہ کو تاخت و تاراج کیا اور قبر بایزید کو کھدوا کے
آگ لگا دی محمد خان نے سنتے ہی فوج کشی کی اور جاتے ہی
دشمن کو ہزیمت دی اور اوسکے بیٹے مصطفے بیگ کو گرفتار
کر لیا مصطفے بیگ جس وقت کہ حضور سلطان آیا ایک کبوتر
اپنے سینہ پر زیر جبہ رکھتا لایا اور بادشاہ سے
چھاتی پر ہاتھ رکھ کے عرض کیا کہ بخدا جبتک اس جسم مین
جان ہو سلطان سے مخالفت نکرونگا بادشاہ نے عفو تقصیر
کر کے چھوڑ دیا چھوٹتے ہی کبوتر کو ... ان شاہی کو غارت کرنا
شروع کیا پھر گرفتار کیا گیا اور حضور بادشاہ بھیجا گیا
بادشاہ نے کہا کہ گو تو نے بدعہدی کی مگر مین بدعہد
نہین ہون جا تجھکو معاف کیا اس عرصہ مین
ایک شخص مصطفے ثانی نے پسر بایزید بنکر سلطان
سے شکست کھا کر ایک صوبہ قیصر روم مین پناہ
لی بادشاہ نے قیصر روم کو لکھا اوسنے جواب دیا
کہ گو پناہ گیر کو واپس دینا خلاف سلطنت ہے
مگر مین اوسکو زندگی بھر قید رکھونگا سلطان نے منظور
کر لیا چند مدت بعد بادشاہ کو مرض اسہال معوی ہوا
شدہ شدہ مالیخولیا تک نوبت پہونچی آخر ۸۲۴ھ مطابق
۱۴۲۱ء بعمر ۴۷ برس ۸ سال ۱۰ ماہ سلطنت کر کے انتقال
کیا جنگی جہاز اور علم عروض اسی بادشاہ کے وقت مین جاری ہوا

سلطان مراد خان ثانی



مراد خان جو ۸۰۶ھ مطابق ۱۴۰۴ء مین پیدا ہوا تھا بعد
وفات اپنے باپ محمد خان کے ۱۸ برس کی عمر مین اورنگ نشین ہوا
قیصر روم نے بسبب صغر سنی اسکو بے وقعت سمجھکر اوسکے چچا
مصطفے بیگ کو جو اوس شہر مین رہا کیا کہ تم سلطان سے لڑو اور
تمہارے ملک مفتوحہ سے جو مجھے پسند آئے وہ مجھکو دو
اوس مکار نے منظور کر کے سلطان سے جنگ چاہی سلطان نے فوج کثیر
بایزید پاشا کو روانہ کیا مگر اوسکو شکست ہوئی پھر سلطان
خود مقابلہ پر گیا تب مصطفے بیگ بھاگ کر گیلی پولی مین
پناہ گزین ہوا سلطان نے وہین قتل کروا ڈالا اور بجانب
قیصر روم پہونچکر قسطنطنیہ کا جو اوسکی دارالسلطنت تھا محاصرہ کیا
گو سلطان فتحیاب نہوا مگر قیصر روم عاجز آگیا اور صلح کر لی
بعدہ سلطان نے حاکم سفاب سفندیار کی بیٹی سے شادی
کی جس سے محمد خان ثانی پیدا ہوا جب بادشاہ یونان
دشمن سلطان ہوا حاکم رومیلیا نے اوسکو شکست دیکر
شاہ ہنگری کو بھی شکست دی اور مال غنیمت نذر سلطان
کیا پھر حاکم سرویہ وغیرہ نے فوج سلطانی سے جنگ کی
۲۰ ہزار ترکون کا خون ہوا دوبارہ پھر سلطان نے اور فوج
بھیجی اوسے بھی شکست ہوئی پھر بڑے بڑے سردارونکو بھیجکر آپ
ایک مہم ایشیا مین مصروف ہوا اور فتح پائی مگر یورپ مین
چونکہ والی جرمن بھی شریک تھا ترکون نے زک پائی اور لڑائی بدستور رہی
سلطان کو تردد پیدا ہوا اور چند شہر دیکر صلح کر لی اور دس برس تک امن رہنے کی
عہدنامہ ہو گیا پھر سلطان محمد خان اپنے پسر کو حکومت دیکر گوشہ گزین
ہوا بعد یکماہ پوپ نے شاہ ہنگری کو سلطان سے لڑا دیا بوجہ نابالغی
محمد خان پھر مراد خان نے جنگ کی اور ترکون نے ہزیمت پائی اتفاقاً
شاہ ہنگری مقابل ہوا سلطان نے بضرب گرز گھوڑے کو مع سوار گرا کر سر کٹوا لیا
اور معہ عہدنامہ کے نیزہ پر تشہیر کیا یہ حال دیکھکر فوج ہنگری فراری ہوئی اور
شہر ... سرحد عثمانی مین ملا لیا بعد چند روز بیمار رہکر محرم
۸۵۵ھ مطابق ... ۳۰ برس ماہ ۸ روز حکمرانی کر کے بعمر ۴۹ برس رحلت ہوا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



ابو المعالی سلطان محمد خان ثانی فاتح شہر قسطنطنیہ

بعد انتقال مراد اوسکا بیٹا محمد خان دسوین محرم ۸۵۵ھ ہجری کو تخت نشین ہوا جو کہ اسکے عہد مین قسطنطین یازدہم شاہ قسطنطنیہ تھا محمد خان کو نادان جانکر فساد پر آمادہ ہوا اور اولاد بایزید سے جو ایک مفسد اوسکے پاس گرفتار تھا اوسکے وظیفہ کی درخواست کی اور کہلا بھیجا کہ عدم منظوری مین قید سے رہا کر دیا جائیگا محمد خان نے چند اسباب کو ٹالا اور ایشیا کیجانب جتنے مفسد تھے کسی سے لڑکر اور کسی کی دلجوئی کر کے صلح کرتا رہا بعد انتظام کے پہلے تو وکلار یونان کو نکالا اور فوراً قسطنطنیہ مین قلعجات تعمیر کیے قسطنطین شاہ یونان نے موقوفی تعمیر قلعہ چاہی سلطان نے نامنظور کیا اور عثمانیون نے یونانیون پر تشدد کرنا شروع کیا پھر تو قسطنطنیہ کا بخوبی محاصرہ ہوا قسطنطنیہ مین بھی تیاریان ہونے لگین اور شاہ یونان نے علمائے عیسائیان سے مدد مانگی یونانی اور اٹلی فوج جمع ہوئی ترکیون نے بحر مارمورا تک ۷۰ ہزار ترکی کی جمعیت سے قسطنطنیہ کا کامل محاصرہ کر کے گولہ اندازی کی ۴۹ دن کے بعد دیوار قسطنطنیہ کو توڑ ڈالا سلطان نے شاہ یونان کو تحویل شہر کا اعلام بھیجا اوسنے جواب دیا کہ تا حین حیات قسطنطنیہ مجھسے چھوٹا جائیگا اسپر سلطان نے دھاوے کا حکم دیا غرضکہ ۲۰ جمادی الاول ۸۵۷ھ مطابق ۲۹ مئی ۱۴۵۳ء کو ترکون نے حملہ کر کے سپہ سالار یونان کو مارا اور اوسکی فوج کو بھگایا بادشاہ یونان یعنی قیصر روم کو قتل کیا سلطان نے قسطنطنیہ مین ورود فرما کر کلیسائے صوفیہ مین اذان دلوائی منبر پر بیٹھکر شکر خدا بجا لایا اور نماز ادا کی اور قسطنطنیہ کو دار السلطنت بنایا اسوقت مین محمد خان کی عمر ۲۳ برس کی تھی یہ سلطان اپنے عہد مین بارہ سلطنتون اور دو سو شہرونکو اپنے قبضہ مین لایا ۵ جمادی الاول ۸۸۶ھ مطابق ۳ مئی ۱۴۸۱ء کو ۵۱ برس کی عمر مین ۳۰ برس ۳ مہینے حکمرانی کر کے راہی ملک بقا ہوا ؎



سلطان الغازی بایزید خان ثانی

محمد خان کے دو فرزند تھے بایزید خان اور جم بایزید خان حاکم اماسیہ اور جم اکونیم کا کار فرما بعد وفات محمد خان وزرا نے بایزید کو حکومت تجویز کی چونکہ وہ حج کا عزم کر چکا تھا لہذا متکفل ہوا مگر اپنے پسر کلان کرکود خان کو تخت دیکر بیت اللہ کا عزم کیا جب وہانسے واپس آیا تو وزرا نے باپ سے ملاقات کرائی بیٹا آپ بطیب خاطر تخت سے اتر پڑا اور اپنے باپ کو تخت پر بٹھایا اسپر شہزادہ جم آمادۂ فساد ہوا بادشاہ نے مع فوج روانہ ایشیا ہو کر شکست دی جم مصر کو بھاگ گیا اور خدیو کو بغاوت پر بھڑکایا جب وہ نہ بھڑکا تو اسنے بیت المقدس جاکر اور وہان سے پوپ روم کے پاس جاکر اپنا منشا ظاہر کیا اوسنے شاہ فلیپس سے بلوا دیا وہان اسنے عہد کیا کہ مین اگر سلطنت عثمانیہ پر تمھاری مدد سے قبضہ کرونگا تو عثمانیون کو تمھاری سلطنت مین نہ آنے دونگا اسبات کی خبر زبانی کسی حجام کے سلطان بایزید کو پہونچی تو وہ متردد ہوا لیکن حجام نے کہا کہ اگر ارشاد ہو تو مین اوسکا کام تمام کر آؤن غرضکہ حجام نے اوسکے پاس جاکر ایک روز حجامت بنائی کی شہزادہ جم کو نیند جو آئی تو حجام نے استرا حلق پر پھیر دیا اور وہانسے آکر سلطان کو اوسکے قتل کا مژدہ سنایا اور اوسکے صلہ مین منصب وزارت پایا اسکے بعد اہل ہنگری ور دینس پر فتح ہوئی اور اون عیسائیون پر جنھون نے مسلمانان اسپین پر ظلم کیے تھے بعد چندے چھوٹا بیٹا سلیم سلطنت کا دعویدار ہوا بایزید خان ضعیف ہو چکا تھا لہذا بیٹے سے لڑنا مناسب نجانا اور سلیم نے جا بجا مقامات پر قبضہ کرنا شروع کیا آخر بمشورہ وزرا سلطان نے ۹ صفر ۹۱۸ھ مطابق ۲۶ اپریل ۱۵۱۲ء کو اپنے بیٹے کو سلطنت دیکر گوشہ پکڑا اور بعد چندے اسی غم مین بعمر ۶۷ برس ۳۲ سال کی سلطنت کے انتقال کیا ؎



سلطان سلیم خان اول

یہ بادشاہ جتنا شجاع اوس سے زیادہ ظالم تھا کیونکہ برادران اونے باتون پر قتل کر ڈالے جدال و قتال کو بدل چاہتا تھا بایزید کے فرزندونکو آمادۂ جنگ پاکر بیدردی سے قتل کیا چونکہ قبل تخت نشینی کے اسکی عملداری مین شیعون نے زور پکڑا تھا رفتہ رفتہ بجماعت ۰۰ ہزار سلطنت عثمانیہ پر زور ڈالنا چاہا اونپر فوج بھیجی گئی تو ۴۰ ہزار مفسد قتل ہوے اور باقی گرفتار آئے یہ خبر اسمعیل صفوی شاہ کجکلاہ ایران کو پہونچی تو اوسنے غصہ ہو کر سلیم خان کو معزول کرکے اوسکے بھتیجے کو بادشاہ کرنا چاہا غرضکہ روم پر فوج کشی ہوئی اور سلیم پر کالۂ آتش بھی جنگ پر آمادہ ہو گیا اور میدان ایلیس پر فوج کا پڑاؤ ڈالا وہان ایک جاسوس فارس کا گرفتار ہوا تو اوسکو ایک مراسلہ بھیجا اور براہ تمسخر عصا و مسواک و چادر بطور ہدیہ بھیجی شاہ اسمعیل نے ایک صندوق افیون حوالہ مین بھیجا چونکہ یہ افیونی تھا لہذا غضب ہو کر پہلے ایلچی کو قتل کیا پھر ایک لاکھ ۴۰ ہزار فوج اور ۶۰ ہزار شتر رسدی اور ۴۰ ہزار گھوڑے لیکر تبریز پر جا پہونچا شاہ ایران نے اپنے شہرونکو جلا دیا تاکہ ترکیونکو دانہ گھاس میسر نہ آوے ایک لباس زنانہ بھیجا گیا آخر یکم رجب ۹۲۰ھ مطابق ۲۳ اگست ۱۵۱۴ء کو ہر دو لشکر گرم کارزار ہوے اور سپہ سالار ایران مارا گیا اور اسمعیل مع اسباب زخمی ہو کر بھاگا تبریز پر قبضہ سلطانی ہوا جب وہان سے واپس آیا تو یہان مصریون کو شورش پر پایا اور فوج بھیجکر اونکا قصہ تمام کر کے اعلان کیا کہ جو ہماری پناہ مین آوے وہ امن پاوے ۵۰۰ سو مصری سردار پناہ سلطانی مین آئے اسنے اکثر قتل کیے اور باقی گرفتار رہے وہانسے عربونکو مطیع کرتا ہوا قسطنطنیہ مین آیا اور ۹ شوال ۹۲۶ھ مطابق ۲۲ ستمبر ۱۵۲۰ء کو بعد سلطنت ۹ سال بعمر ۵۴ سال انتقال کر گیا اور اسکا بیٹا سلیمان خان تخت نشین ہوا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



سلطان الغازی سلیمان خان اول



سلیم خان ثانی



مراد خان ثالث

ایک زمانہ وہ تھا کہ ہر بادشاہ کی طبیعت ملک گیری پر مائل تھی ہر سلطنت کو ترقی تھی اوسوقت شاہ وایونودق روس کا عزت پناہ تھا اور فرانسس اول فرانس کا بادشاہ تھا ہنری ہشتم کا فرمان لندن تھا چارلس پنجم فرمانروائے جرمن تھا سغسمنت حاکم پولنڈ کی قوم کا اور پوپ لیوی دہم بطریق روم کا شاہ بجکلاہ اسمٰعیل صفوی مملکت ایران پر ابوالمظفر محمد جلال الدین اکبر سلطنت ہندوستان پر روم میں سلیمان خان نے تخت نشین ہوکر قصہ بکھیڑا پاک کرنا شروع کیا ایرانیون سے صلح کرلی۔ مصری جو اسکے باپ کے وقت سے قید تھے اونکو رہائی دی شیخ مصر نے جو سرکشی کی تو کما حقہ اونکی سرکوبی کی آسٹریہ نے جو ستمردی کی تو ملک ہنگری تک نکلوا لیا بغداد کو ایران سے نکال کر روم میں ملایا شہر تبریز کی مسجد میں اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا شہر موصل اور اوسکے متصل کے ملکوں پر قبضہ سلطانی ہوا ملک گرجستان مع ۲۱ شہروں کی داخل سلطنت عثمانی ہوا سلطان کے فرزند خرد نے بغاوت کی تو اوسکو قتل کروایا اور اپنی فوج کو اڈریانوپل کو روانہ فرمایا عقب سے خود بھی چلا راہ میں شہر صقتور کو پہونچکر ۱۳ صفر سنہ ۹۷۴ ہجری مطابق ۱۹ اگست سنہ ۱۵۶۶ع کو انتقال کرگیا وزرا کو چونکہ ایک مہم درپیش تھی تا فتح جنگ کے ۴۳ دن تک مرگ سلطان کو چھپایا بعد فتح حاصل ہونے کے اوسکے فرزند سلیم خان کو تخت سلطنت پر بٹھایا سلطان سلیمان خان کی عمر ۷۴ سال کی تھی اور اڑتالیس برس تک اسنے سلطنت کی اسکے عہد میں سلطنت عثمانیہ نے نہایت ترقی حاصل کی یہان تک کہ ۴۰ ہزار میل مربع اوسکی چوڑائی اور لمبائی کا شمار کیا جاتا تھا ۔

بعد انتقال اپنے والد کے ۹ ربیع الاول سنہ ۹۷۴ھ مطابق ۲۵ ستمبر سنہ ۱۵۶۶ع کو تخت نشین ہوا یہ عیش پرست بادشاہ اکثر لڑائیوں میں شکست کھاتا تھا وزرائے نمک حلال کے سپرد کل انتظام تھا اسکے زمانہ میں قبیلہ عرب کے بنی عمر نے بغداد میں ہنگامہ مچا کر سلطان سے شکست کھائی اور اسی زمانے میں اسٹریہ سے صلحنامہ ہوگیا روسیوں نے بارادہ جنگ قدم آگے بڑھایا اور تاتاریوں کے شہر خاسان اور استرخان پر قبضہ کرلیا پھر سلیم خان نے یہ خبر پاکر فوج بھیجی اوسنے شہر مذکور کے قلعہ کا محاصرہ کرکے روسیوں سے شکست پاکر راہ فرار لی اس عرصہ میں کچھ فوج تاتاریوں کی ترکوں کی کمک پر آگئی اوسنے بھی شکست کھائی اور بوجہ مخالفت آب وہوا ترکیونکا وہان ٹھہرنا دشوار ہوا آخر واپس آئی ادھر شریف یمن نے عربونکو برانگیختہ کرکے سلطان سے باغی کیا سلطان نے حاکم مصر کے ہاتھ اونکو سزا پہونچائی اوس زمانہ میں اسپین کے مسلمانان ستم رسیدہ نے سلطان سے فریاد کی اونکی مدد کو فوج بھیجی چنانچہ فوج مذکور نے بعد مدت دراز کے جزیرہ قبرس وغیرہ پر فتح پائی جب ٹونس فتح ہوا تو تاتاریوں نے ترقی پاکر روسیوں سے اپنی شکست سابق کا بدلہ لینا چاہا چنانچہ دولت گیر خان حاکم کریمیہ روس پر دھاوا کرکے اونکی دارالسلطنت تک پہونچ گیا اور فتح پائی ادھر کپتان علی پاشا جو جزیرہ قبرس سے فتحیاب ہوکر واپس آتا تھا بحر روم میں عیسائیوں نے لڑکر اوسے مار ڈالا اور فوج کو دریا برد کیا لیکن سلطان نے ۲۰۰ جہاز نئے بنواکر سال بھر کے بعد اونھین عیسائیوں پر دھاوا کرکے فتح پائی آخر ۲۸ شعبان سنہ ۹۸۲ھ مطابق ۱۲ جنوری سنہ ۱۵۷۴ع کو ۸ برس ۵ ماہ سلطنت کرکے ۵۲ سال کی عمر میں وفات پائی ۔

بعد انتقال سلیم کے اوسکا بیٹا حاکم میاگنیشیہ تھا وارد قسطنطنیہ ہوکر تخت نشین ہوکر پہلے اپنے پانچ بھائیوں کو قتل کیا بعدہ ایران کو فوج بھیجکر قارص کیجانب جسقدر قلعے تھے سبکی از سر نو تعمیر کروائی حاکم گرجستان نے ایرانیوں سے سازش کی تھی اوسپر فوج نے پہلے ہی فتح پائی بعدہ داغستان پر قبضہ کرتی ہوئی شہر خالدرم تک پہونچی وہان خبر آئی کہ سپہ سالار ایران مع فوج آتا ہے ترکون نے ارض روم اور دیار بکر پر جاکر مقابلہ کیا اور سپہ سالار مذکور کو شکست دی شہر تفلس پر ترکون کا قبضہ ہوگیا منوچہر حاکم تفلس مسلمان ہوا اس عرصہ میں بسبب موسم بارش کے ترکون کو غافل پاکر فوج ایران نے حملہ کیا بہت سے ترکی مارے گئے عثمان پاشا افسر فوج ترکی نے اپنی فوج کو بیس مقام پر پریشان کرکے ایرانیون سے مقابلہ کیا بارے فتح پائی پھر وہ لشکر قسطنطنیہ کو فوج واپس آئی ادھر سلطان سے خان کریمیہ نے روگردانی کی اونکی بھی مرمت ہوئی سلطان نے فرہاد پاشا کو حاکم تبریز کرکے روانہ ایران کیا اسنے رشوت لیکر تبریز ایرانیونکے قبضے میں کردیا پھر سلطان نے اسے معزول کرکے دوسرا حاکم بھیجا اوسنے شہر مذکور کو لڑکر واپس لیا اور وہان ایک قلعہ تعمیر کرنا چاہا ادھر اہل ایران نے کتنے ترکیونکو مار ڈالا حاکم ترک نے اسبات پر وہان قتل عام کردیا یہ حال دیکھکر شاہ طہماسپ والی ایران نے صلح چاہا سلطان نے جواب میں لکھا کہ اگر تم ہمارے ملک واپس کردو تو صلح منظور ہے اسپر شاہ ایران نے منظور کرکے صلح کرلی لکھا ہے کہ سلطان مراد خان نے ۲۰ برس ۸ ماہ سلطنت کرکے روز جمعہ ۶ جمادی الاول سنہ ۱۰۰۳ھ مطابق ۱۶ جنوری سنہ ۱۵۹۵ عیسوی کو ۵۰ سال کی عمر میں وفات پائی ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri







بعد انتقال مراد خان کے اوسکے فرزند کلان نے تخت نشین ہوکر
اپنے ۱۹ برادرونکو قتل کروادیا اور اپنے باپ کی دس حرمون
حاملہ کو غرق دریا کرادیا پھر جو سپاہ ملک ہنگری پر چڑھائی
کو گئی تھی باغی ہوکر بعد فہمایش بسیار جان نثاران
سلطانی کے ہاتھ سے قتل ہوئی مگر اہل ہنگری سے ترکی
فوج شکست کھانے لگی جب تو وزرائے سلطان سے
کہا کہ آپ خود مثل اپنے آباو اجداد کے گرم پیکار ہون
مگر اوسکی ماں نے اسکو جنگ پر جانے ندیا آخر بسبب
نہ پہونچنے کمک کے ترکیون نے اہل ہنگری سے شکست فاش
اوٹھائی حتے کہ سلسٹریہ و درشجک و بچارسٹ بھی
ترکون سے چھوٹ گیا اوس زمانے مین ایک زلزلہ قسطنطنیہ
مین ایسا آیا کہ بڑی بڑی عمارتونکو ڈھا دیا آخر سلطان
مجبور ہوکر ملک ہنگری پر خود حملہ آور ہوا اور گیارہ سو
ترکی مارے گئے اور ۴۵ توپ چھن گئین سلطان نے ارادہ
واپسی کا کیا مگر بفہمایش مفتی اسلام سعید الدین پاشا کے
کچھ غیرت کھا کر آمادہ بجنگ ہوا اس حملہ مین بھی عیسائیون
کے ہاتھ مورچہ رہا پھر ایک لڑائی ہوئی جسمین اہل ہنگری
نے شکست کھائی ہزارون دلدل مین پھنسکر مرگئے
۵۰ ہزار عیسائی قتل ہوئے ۹۵ توپ مع خیمہ و ذخیرہ بسیار
ترکون کے ہاتھ آئی اوسوقت مین شاہ عباس والی
ایران نے بھی موقع پاکر اپنے شہرون کو واپس کر لیا
غرضکہ ایک آفت آسمانی اس سلطنت پر نازل ہوگئی
بادشاہ سے اس تردد مین ایک درویش نے آکر کہا
کہ ۵۵ روز کے بعد سلطان پر کوئی آفت آویگی چنانچہ
سلطان کو اوسی وقت سے وہم ہوا اور یوم معینہ
یعنے ۹ رجب سنہ ۱۰۱۲ ہجری مطابق ۲۲ دسمبر
سنہ ۱۶۰۳ عکو ۳۹ سال و ۵ ماہ سلطنت کرکے ۳۷ برس
کے سن مین اس دارفانی سے انتقال کر گیا ٭

محمد خان ثالث کے دو فرزند تھے بڑے فرزند سے چھوٹا
احمد خان لائق سمجھا گیا اسلیے وزرا نے اوسکو تخت نشین کیا
مگر اسنے اپنے بھائی کو مارا نہین اور جنگ ہنگری کے
انصرام کو اپنے وزیر کے ساتھ فوج روانہ کی وزیر نے
رنگ سلطنت دیکھکر کہا کہ تا وقتیکہ اسقدر سلیح مجکو
نہ ملیگا مین قدم نہ بڑھاؤنگا اودہر ایشیا کیجانب بھی
فساد تھا لہذا سلطان نے کچھ فوج ادہر بھی روانہ کی
خواجہ مراد پاشا افسر فوج نے جاتے ہی قلندر اوغلی
مفسد ایشیا کو شکست دی اور قلندر مذکور ایران کو
بھاگا سلطان نے شاہ ایران سے اون مفسدونکو طلب کیا
مگر اوسنے انکار کیا تب سلطان نے وزیر مراد پاشا کو
مع فوج جانب ایران روانہ کیا جبکہ فوج مذکور شہر تبریز
پر پہونچی تو موسم بارش آگیا اور وزیر مراد بھی مرگیا
پھر ناصح پاشا اوس عہدے پر مقرر ہوا مگر فوج مین
بیماری پھیلنے سے یہ وزیر قسطنطنیہ واپس آیا بعدہ
سلطان نے محمد پاشا کو روانہ کیا سنہ ۱۰۱۵ ہجری
مطابق سنہ ۱۶۰۶ عکو داخل ایران ہوکر قلعہ روان پر
محاصرہ کیا ۴۰ روز کے بعد زچ ہوکر محاصرہ سے
دست بردار ہوا اور نقصان کثیر کے ساتھ قسطنطنیہ
واپس آیا سلطان نے خلیل پاشا کو روانہ کیا اسنے
ایشیاے کوچک ہی مین شکست کھائی اس زمانہ
مین اسٹریا اور روم مین صلحنامہ ہوگیا ایشیاے
کوچک کیجانب اور فوج روانہ کی گئی مگر ایشیا کے
قزاقون پر کچھ فتح نہ پائی مفسدون نے ساحل جنوبی
بحر اسود تک قبضہ کر لیا اس عرصے مین سلطان
احمد خان کو بخار آیا تو ۲۹ سال کی عمر مین ۱۴ برس
سلطنت کرکے سنہ ۱۰۲۶ ھ مطابق سنہ ۱۶۱۷ ع مین انتقال کر گیا
یہ بادشاہ نسل انبیا بزرگون کے ظالم نہ تھا ٭

خاندان چنگیز خان ہی جو وارث تخت ہوتا تھا وہ اپنے
بھائیون کو قتل کروا ڈالتا تھا اس سبب سے کہ اولاد کے
تخت نشین ہونے پر چچا بھتیجون مین فساد نہو احمد خان
نے جو اسکے خلاف کیا تو اوسکے چھوٹے بھائی مصطفے خان
نے اوسکے بیٹے کو محروم کرکے تخت لے لیا روم مین پہلی سلطنت برادرانہ
مصطفے خان ہی کو میسر آئی مگر اتفاق تقدیر سے چند ہی
روز بعد مصطفے خان مجنون ہوکر تخت سے اوتار اگیا
اور احمد خان مرحوم کا بیٹا عثمان خان ثانی تخت پر
بیٹھا اسکے عہد مین ۲۸ ربیع الاول سنہ ۱۰۲۹ ہجری مطابق
سنہ ۱۶۲۰ ع کو قسطنطنیہ مین ایک ستارہ آسمان پر بصورت
شمشیر نمود ہوکر ایک ہفتہ تک نمایان رہا مورخون نے اوس سے سلطنت
عثمانی کی ترقی بیان کی اوراسی زمانے مین شہر پولینڈ پر
یورش کی گئی مگر بعد فتح اہل پولینڈ سے صلح ہوگئی
بعد اسکے سلطان نے بیت اللہ کا عزم کیا اور درپردہ
یہ ارادہ تھا کہ وقت واپسی کے دمشق وغیرہ سے وزرا
کی کمک لیتا ہوا قسطنطنیہ مین آکر فوج جان نثار
جو کہ بڑی سرکشی کر رہی ہے اوسکو نیست و نابود کردے
یہ خبر فوج کو پہونچ گئی اوسنے سلطان کو ارادۂ حج
سے روکا اور مصطفای مجنون کو قید سے رہائی
دیکر عثمان خان کو محبس ہفت منارہ مین مقید کیا اور
مصطفے خان کو دوبارہ تخت سلطنت ہاتھ آیا اسنے
پہلے عثمان خان کو اوسی محبس مین قتل کرایا بعد اوسکے
چند روز تک حکمران رہا مگر اسکے عہد مین ہر طرف سے
فتنہ و فساد ترقی پانے لگا اور چونکہ یہ مجنون تھا جیسا چاہیے
انتظام سلطنت نہو سکتا تھا آخرارکین سلطنت
نے اسکو تخت سے اوتار کر عثمان خان ثانی کے
فرزند مراد خان چہارم کو اورنگ نشین کیا اور
سلطان مجنون کو تحکومت سے معزول کیا ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مراد خان رابع بن عثمان خان ثانی



بعد غزوی مصطفے خان کے مراد خان بن عثمان خان بعمر ۱۱ سال
تخت نشین ہوا ابازہ پاشا جسنے ایشیا مین فساد برپا کر رکھا تھا
اوسپر فوج بھیجکر فتح پائی پھر سلطان نے فوج کو بمحافظت حافظ علی
پاشا بغداد کو روانہ کیا چنانچہ اوسنے قلعہ بغداد کا محاصرہ کر کے ۵ مہینے
کے بعد ناکام پھر آیا سلطان نے خلیل پاشا کو روانہ کیا اباز
پاشا مغرور نے ترکون پر حملہ آور ہو کر بھگا دیا پھر بحکم سلطان
خسرو پاشا نے ارض روم پر خوب گولہ اندازی کر کے پانچوین روز
ابازہ پاشا کو گرفتار کر کے قسطنطنیہ بھیجا سلطان نے
باوجود اوسکی بغاوت کے چشم پوشی فرما کر بسنیا کا حاکم کر دیا
اور تاکید کی کہ اب نمک حرامی نکرنا بعدہ خسرو پاشا نے بعد موسم
بارش کے بغداد کا محاصرہ کر لیا مگر ۴۷ روز کے بعد نقصان
پا کر محاصرہ اوٹھا لیا جب شاہ ایران نے سنا تو موقع پا کر سلطنت
عثمانیہ پر یورش کی ادہر سلطان نے پولینڈ پر فتح پائی
اہل پولینڈ نے بمرضی سلطان صلح کر لی اب سلطان خود
بافوج گران روانہ بغداد ہوا جاتے ہی شہر روان پر جسکو
ایرانیون نے لیا تھا چھینا اور وہانکے حاکم کو گرفتار کر کے
قسطنطنیہ بھیجدیا بعد ایکسال کے پھر ایرانیون اور ترکون
مین جنگ شروع ہوئی جب ترکون نے بغداد پر حملہ کرنا چاہا
تو ایک پہلوان ایرانی نے ایک ترکی سے لڑائی چاہی چنانچہ
سلطان نے خود اوسکا مقابلہ کر کے اوسے قتل کیا فوج بھی
قلعے کی دیوار مین نقب کر کے اندر گھس گئی اور ۳۰ ہزار
ایرانیون کو مار کے قلعہ چھین لیا ایک سپہ سالار
کو بغداد مین قائم کر کے قسطنطنیہ مین بڑے
کروفر کے ساتھ واپس آیا آخر ۱۵ ماہ شوال سنہ ۱۰۴۹
ہجری مطابق ۹ فروری سنہ ۱۶۴۰ع کو ۲۸ سال
کی عمر مین ۱۷ برس سلطنت کر کے زینت بخش تخت
قلمرو بقا ہوا؎

سلطان ابراہیم خان برادر خورد مراد خان رابع



سلطان مراد خان کے کوئی فرزند نہ تھا اس سبب سے اوسنے
اپنے ذہن مین بصلاح وزراء پاشا کو اپنا ولیعہد مقرر کر لیا
اور اسی بنا پر جب مراد خان کا وقت آخر ہوا تو اوسنے اپنے
برادر خورد ابراہیم کو قتل کرنیکا حکم دیا وزرا نے اس حکم کی تعمیل
نکرکے مصلحتاً مراد خان سے کہدیا کہ بحکم حضور وہ قتل کیا گیا
بعد انتقال مراد خان کے وزرا نے اوس محبس مین
جاکر جہان ابراہیم خان مقید رہتا تھا خبر کرنا چاہی
ابراہیم خان نے اس مضمون کو برعکس سمجھکر دروازہ محبس بند
کر لیا جب وزرا نے لاش مراد خان کی دکھائی
تب وہان سے آکر تخت نشین ہوا بعد تسلط کے
اون مفسدون پر فوج بھیجی جنہون نے بحر اسود کا راستہ
باندھ رکھا تھا غرضکہ فوج نے اونکو بھگا کر آمد و رفت
کی راہ کھولی اور جہازی سندرون کو حامی امن کیا
مگر جزیرہ کریٹ جو کہ اونکا مامن و ملجا تھا ترکون کے
قبضہ سے بچا رہا اور یہ شہر اوس خطہ بھر مین فرد تھا
اور اہالیان وینس کی سرزمین مین تھا جب وہ بجبر
ترکون نے تسخیر کا عزم کیا تو اب سنئے کہ کچھ جہاز
زوار ان مکہ و مدینہ کے جاتے تھے چنانچہ قزاقون
کے چھ جہازون نے اونکو محصور کر کے بالکل لوٹ لیا
سلطان ابراہیم نے جو سنا عہد نامہ اہالیان وینس
کو توڑ کر جنگ پر آمادہ ہو گیا اور فوج لیکر قلعہ خانیہ
پر قبضہ کر لیا اور حسین پاشا کو قائم مقام کر کے واپس
قسطنطنیہ ہوا پاشاے مذکور نے شہر کینڈیا کے تمام
جزیرون کو اپنے قبضہ مین کر لیا ۸ رجب سنہ ۱۰۵۸ھ
مطابق سنہ ۱۶۴۸ع مین سلطان ابراہیم خان نے
انتقال کیا اس بادشاہ کے ۹ فرزند تھے انمین سے اونکے
محمد و سلیمان و احمد یکے بعد دیگرے بادشاہ ہوئے

محمد خان چہارم



بعد انتقال ابراہیم خان کے اوسکے بیٹے محمد خان کو
بعمر ۷ برس ارکین سلطنت نے مسند نشین کیا اسکے
زمانے مین شہر یروشلم یعنی بیت المقدس مین ایک
یہودی شعبدہ باز نے دعوی کیا کہ مین عیسی ابن مریم
ہون اور اس دعویکو یہانتک پایۂ ثبوت کو پہونچایا
کہ جوق جوق یہود و نصارا معتقد ہونے لگے حاکم
بیت المقدس نے جو یہ حال دیکھا تو عیسے صاحب کو
گرفتار کر کے زندان قسطنطنیہ مین بھیجدیا یہان بھی
بہت سے یہود و نصارا درپے اوسکی رہائی کے رہتے
ایک روز بوقت تخلیہ سلطان نے خود زندان مین جا
مصنوعی عیسے سے یہ بات کہی کہ آج مین تجہیر تیر باران
کرونگا دیکھون کہ تو مرجاتا ہے یا زندہ رہتا ہے یا آسمان
کو جاتا ہے بادشاہ کے اس کہنے سے عیسے صاحب بہت
گھبرائے اور بادشاہ کے قدمون پر گرکے عفو تقصیر چاہا
اور مسلمان ہوگیا جب یہ خبر یہود و نصارے نے سنی تو
اکثر بد اعتقاد ہو گئے اور اکثر نے پھر بھی ساتھ نہ چھوڑا
حتے کہ وہ بھی مسلمان ہو گئے انکے بعد ایک صاحب امام مہدی
بنے وہ بھی قتل کیے گئے اس بادشاہ کی عہد مین کئی شہر
جرمن کے فتح ہوے دو مرتبہ شہر کیانڈہ فتح ہوا اور دو
مرتبہ پولینڈ فتح ہوا شہر نمسا پر خود پہونچا اور مدت دراز
تک لڑائی رہی آخر دونون برابر رہے اور دونون
کے حوصلے پست ہو گئے یہ حال دیکھکر اور شاہون کو
بھی جنگ کی جرأت ہوئی اور ہر طرف سے فساد شروع
ہوا حتی کہ فوج سلطانی خود باغی ہوئی محمد خان ۲ محرم
سنہ ۱۰۹۹ ہجری کو مصلحتاً تخت سلطنت اپنے برادر سلیمان خان
کے سپرد کر کے گوشہ نشین ہوا ۵ برس کے بعد ۵۲ سال
ہنڈوی بیس ہزار سے زیادہ ہو تو دس ہزار یا جزو دس ہزار کے لیے چھ روپیہ اضافہ ہوگا

محصول تمسک متعلقہ مد ۱۳ ضمیمہ ۱ ایکٹ ۱۸۷۹ء

جبکہ رقم سے زیادہ ہو	ذیل سے زیادہ نہو	رسوم مناسب
[illegible]	[illegible]	[illegible]

آیندہ بابت ہر چار یا اوسکے جزو کے جو اکہزار سے زیادہ ہو ۲ بڑھتا جاوے گا

محصول اسٹامپ سرٹیفکیٹ نیلام

متعلقہ مد ۱۸ و بعینا مد ۱۱ ضمیمہ ۱ ایکٹ ۱۸۷۹ء

جبکہ رقم سے زیادہ ہو	ذیل سے زیادہ نہو	رسوم مناسب
[illegible]	[illegible]	[illegible]

آیندہ بابت ہر چار یا اوسکے جزو کے جو الت سے زیادہ ہو ۵ بڑھتا جائے گا۔

فہرست شرح رسوم بحساب مالیت

جو بابت ارجاع نالش لیجائے گی۔

تعداد مالیت شے متنازعہ	رسوم مناسب
[illegible]	[illegible]

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

انتخاب قواعد ڈاکخانہ

پوسٹ کارڈ اسکے ٹکٹ کی طرف صرف پتہ اور نام پانیوالے کا لکھو اور کوئی بات نہ لکھو اور نہ چھاپو ورنہ محصول دینا ہوگا اور پوسٹ کارڈ کو پھاڑنا یا کاٹنا یا اوسمین اور کاغذ جوڑنا نہین چاہیے **چٹھی کا سرنامہ** اسمین نام ڈاکخانہ کا جہانسے تقسیم ہو صاف صاف تحریر کرو پہلی سطر مین نام اور پتہ پانیوالیکا دوسری سطر مین نام محلہ یا گانون کا تیسری سطر مین نام شہر یا اوس ڈاکخانہ کا جہانسے تقسیم ہوگی چوتھی سطر مین نام ضلع کا۔ **پاکٹ کتابی اور پاکٹ نمونہ مال کا** انکو گوشہ کھلے ہوئی لفافونمین اسطرح سے بند کرو کہ اونکے اندر کی چیز دکھائی دے اور دوائیکا نمونہ بکس یا کپڑے کی تھیلی مین روانہ ہوسکتا ہی اسکو اسطرح بند کرو کہ ڈاک والی اوسکو معلوم کرسکین سوا انکے اور کوئی چیز بکس یا تھیلی مین بند کرکے نہ بھیجو۔ اگر کوئی ایسا نمونہ بھیجنا چاہتے ہو کہ اوسکو رستہ مین ہوا نہ لگے اوسکو بالکل بند کرکے روانہ کرو پر اس چیز کا نام اور اپنے پورے دستخط لفافہ پر تحریر کرو۔ نمونہ چورٹ کے سوراخدار بکس مین کہ جس سے وہ دکھائی دین بند کرکے بھیجو اخبار۔ کاغذ لکھنے کا۔ چمڑا۔ پٹھا۔ جلد۔ ابرہی۔ کاغذ۔ کتاب اور نقشہ کے ساتھ کی چیزین۔ انوایس۔ بل روانگی مال۔ یہ چیزین پاکٹ کتابی اور نمونہ مال مین روانہ ہوسکتین ہین۔ اسمین کوئی چٹھی نہ رکھو اگر چھپی ہوئی ہو تو مضائقہ نہین۔ اگر کاغذ پروف چھاپہ بھیجو تو لفافہ پر نام اوسکا مع دستخط فرستندہ لکھدو اور جو کسی اخبار مین چھاپنے کے لیے کوئی کاغذ لکھا ہوا بھیجو تو اوسکو لفافہ پر۔ کاغذ واسطے چھاپہ کی لکھدو۔ پاکٹ نمونہ مین اصلی نمونہ مال کا بھیجو اور اوسکے اندر یا باہر سوا نام اور پتہ کے یا قیمت نمونہ مال کی اور کچھ نہ لکھو اور وزن مین چالیس تولہ سے زیادہ نہو اور دو فٹ سے زیادہ لمبا ایک فٹ سے زیادہ چوڑا یا موٹا نہووے۔ اگر کوئی پاکٹ بند نہوگا تو اوسپر پارسل یا چٹھی کا محصول جو کم ہوگا دینا پڑیگا **پارسل** کپڑے یا ٹاٹ مین بند کرکے سیون پر تین تین انچہ کی دوری پر مہر لگاؤ ایک پارسل دو ہزار تولہ یعنی ۲۵ سیر سے زیادہ نہو اسکے اندر ایک سے زیادہ چٹھی نہ رکھنا چاہیے چھاپہ کے لیے کوئی حد نہین محصول ۴۰ تولہ تک (۸) اور اسّی تولہ تک (۱۲) زیادہ کے واسطے فی ۴۰ تولہ ۴ **رجسٹری** جو چٹھی یا پاکٹ یا پوسٹ کارڈ کو رجسٹر کرانا چاہو تو اوسپر ٹکٹ فیس رجسٹری لگادو اگر رسید منگانا چاہو تو ایک آنہ کا ٹکٹ سوا سے محصول کے لگادو اگر چک یا بنک نوٹ یا بنک پوسٹ بل وغیرہ روانہ کرو تو اوسکی ضرور رجسٹری کرانا چاہیے ورنہ اگر اوسکا حال اہلکار ڈاکخانہ پر ظاہر ہوگا تو ڈبل فیس دینا پڑیگی **چٹھی رجسٹری اور پارسل کا بیمہ** نقدی اور سونا چاندی اور جواہرات وغیرہ جو ڈاک مین بھیجو تو اسکا بیمہ ضرور کرانا چاہیے اصلی مالیت ہندسہ اور نیز حرفونمین لفافہ پر لکھدو سوا ہندوستانی راج کے اور سب ڈاکخانونمین بیمہ ہوسکتا ہے اور جہان ہندوستانی راج مین سرکاری ڈاکخانہ ہین وہان کے لیے آدھا بیمہ ہوسکتا ہی۔ جو رجسٹری کا بیمہ کراؤ تو محصول اور فیس رجسٹری اور خرچہ بیمہ کا ٹکٹ لگاؤ اور جو پارسل ہو تو اوسکا محصول اور بیمہ کا خرچ نقد داخل کرو۔ جو مالیت ... سے زیادہ نہو تو محصول ۲ اور جو (...) سے زیادہ نہو تو (۴) زائد فی صدی (۴) بڑھتے جاینگے۔ جو پرچہ بیان ڈاکخانہ سے ملیگا اوسمین فہرست مال اور قیمت اور جو نوٹ ہون اونکا نمبر اور قیمت اور اپنے دستخط مع پتہ ونشان کے تحریر کرو۔ **بیمہ کی چٹھی یا پارسل کا بند کرنا** چٹھی یا پارسل بیمہ کو بہت ہوشیاری سے بند کرو جو چٹھی ہو تو اوسکا لفافہ مضبوط کاغذ کا بناؤ اور اوسکے چار گوشونپر اور بیچ مین مہر لگاؤ اور جو پارسل ہووے تو اوسکو کپڑے یا ٹاٹ مین بند کرکے اور اوسکی سیون پر تین تین انچہ کے فاصلہ پر مہر لگانا چاہیے جب پارسل رجسٹری قیمت طلب کا بیمہ کراؤ تو اوسکا محصول اور خرچہ بیمہ پیشگی داخل کرو پارسل کا نقد اور پاکٹ رجسٹری کی ٹکٹ اور اوسکے واسطے ڈاکخانہ سے دو رسید ملینگی۔ **قیمت طلب پارسل اور پاکٹ** جو تمکو بھیجنا کسی چیز کا اندر پارسل کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یا کتاب کا اندر پاکٹ کے اس طور سے منظور رہو کہ قیمت اوسکے پانیوالے سے وصول ہو کر تمھارے پاس ڈاکخانہ کی معرفت آجاے تو چاہیئے کہ
پارسل یا پاکٹ کے ساتھ ایک یادداشت جو ڈاکخانہ سے ملیگی اوسمین اپنا نام اور پانے والے کا نام و پتہ نشان اور قیمت مال لکھو
اور ڈاکخانہ مین داخل کردو تقسیم کے وقت پانے والے سے روپیہ وصول ہو کر اوسکا منی آرڈر کمیشن وضع کر کے ڈاکخانہ تقسیم سے
تمھارے پاس پہونچے گا کمیشن جو قیمت ۵ سے زیادہ نہو تو ۲ ر ۵ سے زیادہ ۱۰ تک (۴ر) زائد فی ۱۰ یا اوسکی کسر پر
(۴ر) بڑھتے جاوینگے اور چھہ سو روپیہ سے زیادہ قیمت کا پارسل یا پاکٹ نہین روانہ کیا جائیگا۔ محصول قیمت طلب پارسل کا
وہی لیا جائیگا جو معمولی پارسل کا لیا جاتا ہے۔ وزن پارسل کا پچیس ۲۵ سیر تک مقرر ہے اور پاکٹ کی لمبائی دو فٹ اور چوڑائی اور
موٹائی ایک فٹ سے زیادہ نہووے **ضابطہ منی آرڈر** دوپہر سے چار بجے تک منی آرڈر کا روپیہ ڈاکخانہ سے وصول کرو اور
درخواست واسطے منی آرڈر لینے کے داخل کرو۔ جب منی آرڈر جاری کراؤ تو درخواست چھپی ہوئی جو ڈاکخانہ سے ملیگی لیکر اوسمین
نام اور پتہ اپنا اور پانیوالے کا اور تعداد روپیہ صاف لکھکر داخل کرو اور نام ایک شخص پانیوالے کا تحریر کرو بہت سے نام کی کوئی حاجت
نہین (۶۰۰) سے زیادہ کا منی آرڈر نہین ہوسکتا۔ منی آرڈر مین پائی نہ شامل کرنا چاہیئے۔ ایک تاریخ مین ایک ہی آدمی کے
نام کے چار منی آرڈر ڈیڑھ ڈیڑھ سو تک کے جاری ہوسکتے ہین۔ کمیشن جو (۱۰) سے زیادہ نہو تو (۲ر) اور (۱۰) سے زیادہ
(۲۵) تک (۴ر) (۲۵) سے زیادہ (۵۰) تک (۸ر) اور (۵۰) سے زیادہ (۷۵) تک (۱۲ر) اور (۷۵)
سے زیادہ (۱۰۰) تک (۱) اور (۱۰۰) سے زیادہ (۱۲۵) تک (۱۴ر) اور (۱۲۵) سے زیادہ (۱۵۰) تک (۱۸ر) اگر
منی آرڈر کے ساتھ کارڈ بھیجنا چاہو تو اوسکو اپنی درخواست کے ساتھ نتھی کرو وہ منی آرڈر کے ہمراہ پانے والے کو ملیگا جب
منی آرڈر گم ہوجاوے تو ڈاکخانہ مین اطلاع کرو اور وہ درخواست اوسکی نقل یعنی مثنی کی کر کے کمیشن داخل کرو تب مثنی ملجاویگا۔
منی آرڈر بیچا نہین جاسکتا ہے اس واسطے اوسپر پانے والے کے دستخط ضرور ہونے چاہیئے جب دستخط ہوجائین تب جو کوئی
ڈاکخانہ مین اوسکو پیش کریگا اوسیکو روپیہ ملیگا مگر پیش کرنے والا سچا ہو اور جو منی آرڈر غیر منقسم شدہ کے روپیہ پانے والے کا نام
بدلنا چاہو تو دوسری درخواست ڈاکخانہ مین مع کمیشن داخل کرو کمیشن کے ٹکٹ منی آرڈر کی پیٹھ پر لگا دیے جاوینگے اور نام
بدل دیا جاویگا اگر فقط پتہ و نشان و سکونت کا بدلوانا چاہو تو بھی درخواست دوسری دو پر کمیشن اوراوسپر نہین لگے گا جب کوئی
منی آرڈر تقسیم نہو سکیگا تو تین ہفتہ تک پانے والے کا پتہ لگنے کا انتظار دیکھکر اور جو انکار ہوگا تو فوراً ڈاکخانہ تقسیم سے روپیہ
اوسکا بھیجنے والے کے نام منی آرڈر کر کے واپس کیا جائیگا اور بھیجنے والے کا بھی پتہ نہین لگیگا تو میعاد گذرنے پر ضبط ہوجائیگا
اس منی آرڈر کا دوبارہ کمیشن نہین لیا جائیگا۔ منی آرڈر کا روپیہ صدر یا مفصل ڈاکخانہ اوسی ضلع سے مل سکتا ہے جسکا نام اوسمین
لکھا ہے اور جو تم چاہو کہ کسی ڈاکخانہ یا دوسرے ضلع سے ملے تو منی آرڈر پر رسید کی جگہہ دستخط کر کے ساتھہ ایک درخواست اور ٹکٹ
کمیشن کے پاس پوسٹ ماسٹر صاحب صدر ڈاکخانہ اوس ضلع کے جہان سے روپیہ ملنا اوسمین لکھا ہے بھیجدو اور اپنی درخواست
مین نام اوس ڈاکخانہ اور ضلع کا جہان سے روپیہ لینا چاہو اور نام پانے والے کا لکھدو تو نیا منی آرڈر جاری ہوجائیگا۔
اور رسید اوسکی تمھارے پاس آجاویگی اور جو کمیشن نہ بھیجو تو لکھدو کہ منی آرڈر کے روپیہ مین سے وضع کر کے باقی روپیہ کا
منی آرڈر جاری ہوجاوے۔ منی آرڈر کا روپیہ جس مہینے مین کہ وہ جاری ہوا ہے اوسکے آیندہ مہینے کی آخر تاریخ تک
وصول ہوسکتا ہے اور اوس تاریخ سے دو مہینے کے اندر دوبارہ کمیشن داخل کر کے مل سکیگا اور دو مہینے کے گذر جانے پر
ضبط ہوجائیگا جیسے کوئی منی آرڈر جون کے مہینے مین جاری ہو تو ۳۱۔ جولائی تک روپیہ وصول ہوگا اور ۳۰ ستمبر تک دوسرا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کمیشن دیکر ملیگا اور ۳۰ - ستمبر کے پیچھے ضبط ہو جائیگا - دوبارہ کمیشن کے ٹکٹ منی آرڈر کی پشت پر چپکانا چاہیے - جو منی آرڈر ضبط ہوگیا ہے اوسکا روپیہ لیا چاہو تو صاحب پوسٹ ماسٹر جنرل کو عرضی دو اور اوس منی آرڈر کو دستخط کرکے عرضی کی ساتھ بھیجو اور اوس مین وجوہات ضبط کرنی کے تحریر کرو اور یہ بھی لکھو کہ روپیہ کس مقام پر اور کس کو ملے یعنے بھیجنے والے کو یا پانے والیکو جو صاحب ممدوح درخواست تمھاری منظور کرلین گی تو بعوض اُس منی آرڈر کے جدید تمکو بعد منہائی کمیشن کچھ یا زیادہ کی ملجاویگا اور پھر اُسکا روپیہ وصول ہوجائیگا - فقط

محصول تار

بہرحال نام وپتہ اور نشان کا محصول نہین لیا جائیگا - اگر کوئی شخص ہندوستان سی ایک دوسرے مقام تک جسکا فاصلہ منزل تار گھر سے چھ میل سے زیادہ نہو خبر بھیجنا چاہے تو محصول آٹھ لفظ کے لیے یا آٹھ سے کم ہون ۴؍ دینا پڑینگی اور ایسی خبرونکو (لوکل مسیج) کہتی ہین - وہ خبرین جو کہ تار کی دفتر والے اپنی فرصت کی وقت اوسی دن روانہ کرین اور اوسکی تعمیل منزل مقصود پر دوسرے دن صبح کو کی جاوی اونکا محصول بحساب (۸؍) فی آٹھ لفظ یا کم دینا پڑینگے اور اگرچہ آٹھ سے زیادہ ہون تو فی لفظ دو آنہ دینا ہوگا ایسی خبرونکو دفتر مسیج کہتے ہین - وہ خبرین جنکو کہ تار کے دفتر والے معمولی وقت پر روانہ کرین اور اُنکی تعمیل منزل مقصود پر ٹھیک معمولی وقت مین کی جاوی تو فی آٹھ لفظ یا کم کے لیے ایک (عہ) روپیہ محصول دینا ہوگا اور اگر لفظ آٹھ سے زیادہ ہون تو فی لفظ پر دو آنہ کے حساب سے دینا ہوگا اور ایسی خبرونکو (آرڈنری مسیج) کہتے ہین - وہ خبرین جو کہ تار گھر سے فوراً روانہ کی جاوین اُنکی تعمیل منزل مقصود پر اوسی دم ہو تو ایسی خبرون کے لیے فی آٹھ لفظ یا کم کے لیے (۲) محصول دینا ہوگا اور آٹھ لفظ سے فی لفظ زیادہ کے واسطے (۴؍) محصول دینا ہونگے اور ایسی خبرونکو (ارجنٹ مسیج) کہتے ہین - اگر کوئی آدمی شب کے وقت یا اتوار کے دن یا تعطیل مین خبر بھیجنا چاہے تو معمول سے زیادہ محصول نہ لیا جائیگا اگر خبر بھیجنے والا اوسی خبر کو جسکو وہ روانہ کرچکا ہے پھر دوبارہ روانہ کرے تو نصف محصول لیا جائیگا - فقط

انتخاب ضروری ایکٹ ۴ ۱۸۷۹ء قانون ریلوی

دفعہ ۱۷ - مسافر جو کرایہ دیکر ٹکٹ حاصل کری اوس ٹکٹ کو جب کوئی نوکر ریلوے کا دیکھا چاہی دکھا دے یا اوسکے حوالہ کری دفعہ ۱۸ درمیانی اسٹیشنون مین اگر گنجایش سواری کی ہوگی تو ٹکٹ ملیگا دفعہ ۱۳ بغیر ٹکٹ کی جو مسافر سفر کری یا ٹکٹ پیش نہ کری یا حوالہ نکری اوس سے وہانتک کا کرایہ لیا جائیگا جہان سے پہلے ریل چلی ہو دفعہ ۳۲ - چھوٹی درجہ کا مسافر بڑے درجہ مین سوار ہوجاوے یا اپنے مقام ٹکٹ سے زیادہ سفر کرے یا ٹکٹ کو بگاڑی تو ﷲ تک جرمانہ ہوسکتا ہی دفعہ ۳۵ - بغیر رضامندی اپنی ساتھی مسافرون کے اگر تماکو پیے تو ﷲ تک جرمانہ ہوسکتا ہی دفعہ ۳۶ جو مسافر نشہ کی حالت مین ہو یا کوئی کام بیشرمی کا کری یا لمپ بجھاوی تو ﷲ تک جرمانہ ہوسکتا ہے دفعہ ۳۷ کوئی مرد کسی خاص کمرہ یا گاڑی عورتون مین چلا جاوے تو اوسپر سو روپیہ تک جرمانہ ہوسکتا ہی

قواعد ضروری!

بچے جنکی عمر تین برس سی کم ہے کرایۂ ریل سے معاف ہین ۲ بچے جنکی عمر تین برس سی زیادہ اور بارہ برس سے کم ہو آدھی کرایہ پر جا سکتے ہین ۳ سب ریلونمین اوّل درجہ کی مسافر ایک من ۲۰ سیر اور دوم درجہ کے ۳۰ سیر اور تیسرے درجہ کی ۱۵ سیر لیکن کانپور فرخ آباد ریلوی مین تیسرے درجہ کی مسافر ۱۰ سیر اور اون بچون کی بابت جنکا آدھا کرایہ دیا ہو آدھے وزن کی لائق اسباب بلا کرایہ لیجا سکتے ہین ۴ ایسٹ انڈین ریلوی مین ایک طرف کا پورا کرایہ اور دوسری طرف کا ایک تہائی کرایہ دیکر ٹکٹ واپسی یعنی لوٹا پھیری کا سوای تیسرے درجہ کے ہر جگہ کے لیے مل سکتا ہی لیکن جو مسافر (۲۰۰) میل سے کم کا ہو اوسکو پانچ دن کی اندر اور جو مسافر دو سو پچاس میل سے کم ہو اوسکو آٹھ دن کی اندر اوس

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کرایہ ریل درجہ سوم پسنجر کانپور سے مقامات ذیل کی بابت حسب ذیل ہے

کرایہ ایسٹ انڈین ریلوے: نام مقام	محصول	نام مقام	محصول	نام مقام	محصول	نام مقام	محصول	کرایہ اودھ روہیلکھنڈ ریلوے: نام مقام	محصول	نام مقام	محصول	کرایہ کانپور اچھنیرا ریلوے: نام مقام	محصول	نام مقام	محصول
روڑا	[illegible]	خورجہ	[illegible]	کٹنی	[illegible]	گیا	[illegible]	اوناؤ	[illegible]	مرادآباد	[illegible]	چوبے پور	[illegible]	ہاتھرس جنکشن	[illegible]
پھپھوند	[illegible]	چولا بلند شہر روڈ	[illegible]	جبلپور	[illegible]	پٹنہ شہر	[illegible]	لکھنؤ	[illegible]	بارہ بنکی	[illegible]	برراجپور	[illegible]	ہاتھرس شہر	[illegible]
اٹاوہ	[illegible]	سکندرآباد	[illegible]	مرزاپور	[illegible]	مقامات	[illegible]	کاکوری	[illegible]	بہرام گھاٹ	[illegible]	بلہور	[illegible]	متھرا	[illegible]
جسونت نگر	[illegible]	غازی آباد	[illegible]	مغلسرائے	[illegible]	لکھی سرائے	[illegible]	ملیح آباد	[illegible]	رودولی	[illegible]	ارول	[illegible]	اچھنیرا	[illegible]
شکوہ آباد	[illegible]	دہلی	[illegible]	بنارس	[illegible]	بیدیا ناتھ	[illegible]	سندیلہ	[illegible]	فیض آباد	[illegible]	سرائے میران	[illegible]		
فیروز آباد	[illegible]	فتحپور	[illegible]	زمانیہ	[illegible]	مادھوپور	[illegible]	ہردوئی	[illegible]	اجودھیا	[illegible]	گورسہائے گنج	[illegible]		
ٹونڈلہ	[illegible]	ابراہیم پور	[illegible]	دلدار نگر	[illegible]	رانی گنج	[illegible]	شاہجہانپور	[illegible]	اکبرپور	[illegible]	فتحگڈھ	[illegible]		
آگرہ	[illegible]	کھاگا	[illegible]	تاڑی گھاٹ	[illegible]	بردوان	[illegible]	تلہر	[illegible]	کھیتا سرائے	[illegible]	فرخ آباد	[illegible]		
دھولپور	[illegible]	سراتھو	[illegible]	بکسر	[illegible]	ہوگلی	[illegible]	میرانپور کٹرہ	[illegible]	جونپور	[illegible]	شمس آباد	[illegible]		
مرار	[illegible]	الہ آباد	[illegible]	ڈومراؤں	[illegible]	سیرام پور	[illegible]	بریلی	[illegible]	بنارس	[illegible]	قائم گنج	[illegible]		
گوالیار	[illegible]	شیوراجپور	[illegible]	آرہ	[illegible]	ہوڑا کلکتہ	[illegible]	آنولہ	[illegible]			پٹیالی	[illegible]		
جلیسر روڈ	[illegible]	مانک پور	[illegible]	داناپور	[illegible]			سہی چندوسی	[illegible]			کاس گنج	[illegible]		
ہاتھرس روڈ	[illegible]	ستنہ	[illegible]	بانکی پور	[illegible]			علیگڈھ	[illegible]			مارہرہ	[illegible]		
علیگڈھ	[illegible]	سیہرہ	[illegible]	جہان آباد	[illegible]			بلاری	[illegible]			سکندرہ راؤ	[illegible]		

نقشہ کرایہ درجہ سوم ریلوے ہائے ذیل

ایسٹ انڈین ریلوے	محصول		محصول		محصول	اودھ روہیلکھنڈ ریلوے	محصول		محصول	متھرا ہاتھرس ریلوے	محصول	راجپوتانہ ریلوے	محصول	مالوہ ریلوے	محصول	سندھ پنجاب دہلی ریلوے	محصول
دہلی سے غازی آباد	[illegible]	دہلی سے اٹاوہ	[illegible]	دہلی سے بانکے پور	[illegible]	بنارس سے جونپور	[illegible]	بنارس سے کانپور	[illegible]	متھرا سے رایا	[illegible]	دہلی سے ریواڑی	[illegible]	اجمیر سے نصیر آباد	[illegible]	غازی آباد سے میرٹھ	[illegible]
دہلی سے علیگڈھ	[illegible]	دہلی سے کانپور	[illegible]	دہلی سے گیا	[illegible]	بنارس سے اجودھیا	[illegible]	بنارس سے ہردوئی	[illegible]	متھرا سے ہاتھرس	[illegible]	دہلی سے الور	[illegible]	اجمیر سے نیمچ	[illegible]	غازی آباد سے سہارنپور	[illegible]
دہلی سے ہاتھرس روڈ	[illegible]	دہلی سے فتحپور	[illegible]	دہلی سے جمال پور	[illegible]	بنارس سے فیض آباد	[illegible]	بنارس سے شاہجہانپور	[illegible]	متھرا سے سونئی	[illegible]	دہلی سے جے پور	[illegible]	اجمیر سے رتلام	[illegible]	غازی آباد سے انبالہ	[illegible]
دہلی سے ٹونڈلہ	[illegible]	دہلی سے الہ آباد	[illegible]	دہلی سے موکامہ	[illegible]	بنارس سے صفدر گنج	[illegible]	بنارس سے بریلی	[illegible]	متھرا سے مرسان	[illegible]	دہلی سے اجمیر	[illegible]	اجمیر سے اوجین	[illegible]	غازی آباد سے لودھیانہ	[illegible]
دہلی سے آگرہ	[illegible]	دہلی سے جبلپور	[illegible]	دہلی سے راج محل	[illegible]	بنارس سے بارہ بنکی	[illegible]	بنارس سے چندوسی	[illegible]	متھرا سے ہاتھرس شہر	[illegible]	دہلی سے احمد آباد	[illegible]	اجمیر سے اندور	[illegible]	غازی آباد سے جالندھر	[illegible]
دہلی سے دھولپور	[illegible]	دہلی سے مرزاپور	[illegible]	دہلی سے بردوان	[illegible]	بنارس سے بہرام گھاٹ	[illegible]	بنارس سے علیگڈھ	[illegible]	متھرا سے میڈو	[illegible]	دہلی سے بھرت پور	[illegible]	اجمیر سے مؤ	[illegible]	غازی آباد سے امرتسر	[illegible]
دہلی سے گوالیار	[illegible]	دہلی سے بنارس	[illegible]	دہلی سے ہوڑا	[illegible]	بنارس سے لکھنؤ	[illegible]	بنارس سے مرادآباد	[illegible]	متھرا سے ہاتھرس روڈ	[illegible]	دہلی سے آگرہ	[illegible]	اجمیر سے کھنڈوہ	[illegible]	غازی آباد سے لاہور	[illegible]

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri


تاریخ شاہنشاہان قدیم ملک روم وحالات دلیر وشجاع سرداران عالی وقار روم

شہنشاہ رملس بانی سلطنت روم



اس شخص نے ملک رومیہ کبری سات سو برس پیشتر قبل پیدایش حضرت عیسیٰ کے آباد کیا اسکے بھائی کا نام ریمس تھا مورخ اسکے آباد ہونے کی عجیب کیفیت لکھتے ہین یعنی اول رولس نے حکم دیا کہ تمام مسافر اس شہر مین آرام پاوین دوم اوسنے ایسے ایسے کھیل ایجاد کیے کہ قوم سبلیاین وہان آیا کرتی تھی رولس اونکی لڑکیان پکڑ کر اپنے شہر کے باشندون کے ساتھ منسوب کرادیتا تھا اسی طرح رفتہ رفتہ آبادی زیادہ ہوتی گئی اور جب کہ اس قوم نے جنگ کا ارادہ کیا تو اونھین کی عورتون نے بیچ بچاو کرادیا اسنے اہل روما کو تین حصون پر تقسیم کیا اور ہر ایک حصے مین تیس قوم یا گروہ مقرر کیے اور ہر ایک قوم کے دس خاندان کئے اور ایک مجلس حاکمون کی مقرر کی اور اکثر قوانین بغرض رفاہ عام جاری کیے ایک روز یہ اپنی فوج کو دیکھ رہا تھا کہ اوسوقت ایک طوفان عظیم آیا اور رولس صدمۂ بجلی سے ہلاک ہوا

شہنشاہ جولیس قیصر



یہ شخص نہایت لائق اور قابل گذرا ہی سولہ برس کی عمر مین اوسکے باپنے وفات پائی ابتدا قیصر نے اپنے فصاحت کلام کے ذریعے سے علاقجات طریبون - کواسطر - ایڈپل - حاصل کیے اور اوپر ایک عرصہ تک قابض رہا بعدہ ملک ہسپانیہ کا صوبہ دار ہوا اور حکومت ملک گال اور چار برس تک کی حاصل ہوئی اور اقوام بلجین اور ہتوشین اور نروین پر فتحیاب ہوا ایسے ایسے فتوحات وکارنمایان سے اوسکی بہادری وشجاعت ظاہر ہوتی ہی - ان فتوحات سے پومپی کو جوکہ محکمۂ سنت پر اختیار رکھتا تھا نہایت حسد پیدا ہوا اوسنے قیصر کو ملک گال سے طلب کیا لیکن قیصر نے اوسکی تعمیل نہ کی اس اثنا مین پومپی یونان چلا گیا اور قیصر نے دارالخلافہ رومیہ کبری کے خزانۂ عامرہ پر قبضہ کرلیا اور شہر مین مارک انتطنی کو چھوڑکر آپ مع لشکر ملک ہسپانیہ کو جہان پومپی کی فوج رہتی تھی روانہ ہوا اور اوسکی فوج کو زک دیکر یونان مین گیا اور پومپی کو شکست فاش دی لیکن پومپی مصر بھاگ گیا اور وہان قتل کیا گیا قیصر پومپی کے اقربا اور دوستون کو بالکل غارت اور تباہ کرکے حکمرانی کرنے لگا آخرکار بروطس وغیرہ جوکہ ریاست جمہوری کے خواہان تھے اونھون نے برخلاف قیصر کے سازش کی اتفاقاً وہ ایک روز محکمۂ سنت[1] مین بیٹھا ہوا تھا اوسوقت بروطس کے ہاتھ سے مارا گیا اسکی وفات ۴۴ برس قبل پیدایش حضرت عیسیٰ واقع ہوئی اوسوقت اسکی عمر ۵۶ برس کی تھی

شہنشاہ اغوسطس

یہ مشہور شہنشاہ تریسٹھ برس قبل سنہ عیسوی کے پیدا ہوا تھا اور بعد مشہور لڑائی ایکشیم کے شہنشاہ رومیہ کبری کا مقرر ہوا قیصر نے اسکو گودلیا تھا اسی سبب سے تخت وتاج اسکو نصیب ہوا اسکے عہد حکومت مین رعایا نے ہر قسم کا آرام پایا لوگون نے اس شہنشاہ کی عزت مین مندر بنوائے تیار کیے اور قربانیان اور عبادت اوسکی کرنے لگے اسنے سنت کا نہایت ادب کیا اور کمیشیا[2] کو دوبارہ قائم کیا جبکہ ملک مین ہر طرح کا انتظام ہوگیا تو اوسنے ایسی حکمت عملی کی جسکے سبب سے وہ ہردل عزیز ہوا اور انتظام ملک نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ ہوا اور امن وامان

[1] سنت ایک مجلس چند اشخاص چیدہ کی ہوا کرتی تھی اور وہ درباب ہر امر کے بحث ومشورہ کیا کرتے تھے اور بادشاہ کو یہ اختیار نہ تھا کہ بے صلاح اونکی کچھ کرے [2] کمیشیا ایک مجلس چیدہ چیدہ آدمیون کی ہوتی تھی وہ بھی کاروبار سلطنت مین اختیار رکھتے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہمیشہ قائم رہا یعنی اوسنے اپنا منشا لوگون پر
ظاہر کیا کہ مین سلطنت سے استعفا دینا چاہتا
ہون لیکن بسبب فہمایش مارکس اگرپیپا
کے جوکہ اوسکا صلاح کار تھا اس امر سے باز
رہا اوسنے حسب دلخواہ اوسکے کہا کہ تمام عالم
کی خوشی آپ پر منحصر ہے اس ظاہری عندیہ
سے رعایا نہایت خوش ہوئی کچھ عرصہ کے
بعد اوسنے کاروبار سلطنت سے پھر استعفا دینا
چاہا لیکن لوگون نے اوسکی نہایت خوشامد اور
عاجزی کی اور کہا کہ آپ کو رعایا کی خبرداری
بطور مربیانہ کرنی لازم ہے آخرکار اوسنے
پھر دس برس کے وعدہ پر سلطنت کی حکومت
اختیار کی اور سلطنت کو دو حصون پر تقسیم کیا
ممالک اطالیہ و ہسپانیہ و جرمنی اور شام
اور فنشیا اور سائپرس اور مصر وغیرہ تو اپنے
قبضہ حکومت مین رکھے اور ممالک افریقیہ
پردپر اور نیومیڈیا اور لبیا اور تھسلینیا اور
بوفنس اور یونان اور ایلریا اور مقدونیا
اور واکمیشیا اور جزائر کریٹ اور سسلی اور
سارڈینیا محکمہ سنت کے قبضہ مین رہے
بعد گذرنے دس برس کے اوسنے بموجب اقرار
سلطنت ترک کرنے کا ارادہ کیا لیکن پھر وہ
ارادہ کاذب سے باز رہا غرضکہ اسی طور سے اوسنے
ایام سلطنت مین پانچ بار استعفا دینے کا قصد
کیا اور باز رہا آخر عمر مین اوسنے تکلفات
سابقہ جو رعایا کے ساتھ رکھتا تھا چھوڑ دئیے
محکمہ سنت کی کچہری مین بھی جانا ترک کیا
اسکے عہد مین علم نے نہایت ترقی پائی اور
دربار شاہی مین ہر علم وفن کے عالم و فاضل
موجود تھے اسنے بعمر ۷۶ سال سنہ ۱۴ع مین وفات پائی

شہنشاہ طبریس

یہ شہنشاہ بیالیس برس قبل پیدایش عیسیٰ
کے پیدا ہوا تھا اور بموجب وصیت نامہ
اغوسطس کے شہنشاہ مقرر ہوا یہ نہایت
بیرحم اور ظالم تھا اسی سبب سے رعایا اوس سے
مخوف تھی اسنے حکومت سنت کو بالکل
نہین شکست کیا لیکن گاہے اوسنے
صلاح ومشورہ لیا کرتا تھا اوسوقت مین
اسکا بھتیجا مسمی جرمنی کس بڑی بہادری سے
فتوحات حاصل کر رہا تھا طبریس کو اس سے
نہایت حسد پیدا ہوا جرمنی کس کو وہان سے
طلب کرکے بغرض انتظام اضلاع شرقی
روانہ کیا اور وہان بحکم خود زہر دلوا کر مروا ڈالا
یہ شہنشاہ ہر روز جعلی الزام لوگونپر لگایا کرتا تھا
اور سزای قتل دیتا تھا طبریس بموجب
صلاح اپنے دوست ایلیس سجینس کے جزیرہ کپری
کو چلا گیا انتظام سلطنت کا ایلیس سجینس
مذکور کرتا تھا اسنے طبریس کے مار ڈالنے کا
ارادہ کیا تھا جب طبریس نے اوسکے ارادہ فاسد
سے اطلاع پائی تو اوسنے بمشورہ محکمہ سنت
ایلیس سجینس کو قتل کروا ڈالا اندنون مین
ہر طرح کی بے انتظامی ملک مین پھیلی ہوئی
تھی مجسٹریٹ شہر و بمین نہ تھے نہ دور کے
علاقون مین کوئی منتظم تھا آخرکار یہ ظالم
میکرو کے ہاتھ سے بعمر ۷۸ سال سنہ ۳۷ع
مین مارا گیا ۲۳ برس حکومت کی اٹھارھوین
سال جلوسی مین حضرت عیسی علیہ السلام
کو یہودیون نے صلیب پر چڑھا کر پھانسی دی

شہنشاہ کلیغولا

بعد طبریس کے کلیغولا سنہ ۳۷ع مین شاہنشاہ ہوا
یہ جرمنی کس کا لڑکا تھا جس وقت یہ تخت نشین
ہوا رعایا کو بڑی خوشی حاصل ہوئی ابتدا مین اسنے
رعایا کو ہر طرح سے آرام پہونچایا بعد ظلم پر کمر باندھی اہالیان
سلطنت سابقہ کو یکقلم موقوف کیا اور مسمی میکرو
جسنے شاہنشاہ سابق کو قتل کیا تھا مروا ڈالا
اور طبریس صغیر جوکہ پچھلے شہنشاہ کا بیٹا تھا
بخوف رقابت سلطنت قتل کیا یہ شخص بدرحمی
مین کمال رکھتا تھا جب کہ اوسکی بہن دروسلا
مرگئی اوسوقت جس کسی نے اوسکے انتقال کا
رنج وملال کیا اوسکو تہ تیغ کیا اور جسنے رنج وغم
نہین کیا اوسکو بھی سزای موت دی رعایا
سے محصولات گرانبار وصول کرتا تھا اور اکثر
باشندونکے مکان و اسباب بطمع زر ضبط کرلیے
انجام کار بسبب ظلم وتعدی کے ایک شخص نے
اس شہنشاہ کو سنہ ۴۱ع مین قتل کیا فقط

شہنشاہ کلادیس


یہ شہنشاہ نو برس قبل سنہ عیسوی کے پیدا ہوا
تھا بعد کلیغولا کے رومیون نے چاہا کہ ریاست
جمہور قائم رہے لیکن سپاہیون نے قبول
نہین کیا جبکہ شہنشاہ سابق قتل ہوا اوسوقت
کلادیس جوکہ چچا شاہ مقتول کا تھا وہ ایک
گوشہ مین بخوف قتل چھپ رہا اتفاقاً ایک
سپاہی کی اوسپر نظر پڑ گئی چنانچہ کلادیس کو
سپاہیون نے جوکہ اوسوقت نہایت ذی اختیار

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تھے شہنشاہ مقرر کیا چونکہ کلاڈیس کو اپنی جان کا نہایت خوف تھا اسلیے اوسنے ہر ایک سپاہی کو انعام دیا محکمۂ سنت نے لاچار ہوکر اوسکی حکومت قبول کی اسنے ہر دل عزیز ہونے کے واسطے تمام خونی قانون شہنشاہ سابق کے موقوف کیے اسکی ہمیشہ یہی خواہش رہی کہ ملک مین انتظام اچھا ہو اور امن امان قائم رہے اسنے بہادری سے انگلستان کو محکوم کرنا چاہا پیشتر اسنے اپنے جنرل کو جانب انگلستان روانہ کیا از ان بعد انگلستان جاکر انگریزون سے مقابلہ کیا سولہ روز کے بعد اپنے ملک کو واپس آیا لیکن مسمی پلاٹیس اور وسپیٹیشن کو بغرض انتظام جنگ چھوڑ آیا اگرچہ کرنلکس شاہزادہ ویلیز نے رومیون سے نہایت بہادری کے ساتھ میدان جنگ مین مقابلہ کیا لیکن شکست کھائی آخر کار شاہزادہ ویلیز مقید ہو ملک روم مین آیا کلاڈیس نے اسکی نہایت تواضع او رخاطر کی ملکۂ شہنشاہ نہایت فاحشہ تھی جب شہنشاہ دار الخلافت مین نہ تھا تو ملکہ نے قیس سلیس سے شادی کر لی جب شہنشاہ ملک مین واپس آیا تو ملکۂ بدکار نے اوس دوسرے خاوند کو چھوڑ دیا اور شہنشاہ سے اظہار کیا کہ مینے یہ کام براہ مضحکہ کیا تھا جبکہ مسمے نارسیفیص نے شہنشاہ سے تمام باتین ملکہ کی بدکاری کی بیان کین تو اوسنے ملکہ اور اوسکے عاشق کو قتل کیا بعدہ شہنشاہ نے اپنی بھتیجی سے شادی کر لی یہ کمبخت ملکہ مرحوم سے بھی زیادہ تر عیارہ تھی اوسنے چاہا کہ نیرو الڑکا مسمے نیرو تخت نشین ہو چنانچہ اسی واسطے اوسنے اپنے خاوند کلاڈیس کو زہر کھلا کر مار ڈالا اوسوقت اوسکی عمر ۶۰ برس کی تھی

شہنشاہ سکندر



سکندر کے باپ کا نام فیلقوس تھا تین سو چھتیس برس قبل سنہ عیسوی کے بعمر ۲۰ برس تخت نشین ہوا اسنے اپنی بہادری اور بیدار مغزی سے ایسے ایسے فتوحات و کار نمایان کیے کہ آج تک کسی اور شہنشاہ کو نصیب نہوئے جب یہ تخت نشین ہوا تو اہل یونان اس خیال سے کہ وہ کمسن ہے سرکشی پر آمادہ ہوئے لیکن اسنے کمال عجلت اور بہادری سے اہل یونانکو اپنا محکوم کیا تین سو چونتیس سال پیشتر تولد عیسی کے اسنے ملک ایران فتح کرنے کا ارادہ کیا ایرانیون نے سکندر کے لشکر کو دریا گر کے عبور سے روکا آخر بعد مقابلہ میدان جنگ ایرانیون نے شکست کھائی اسی عرصہ مین ممالک قرب و جوار یعنے کیپی و وشیا پیفلی گونیا وغیرہ بھی فتح کر لیے ایرانیون سے پھر دوبارہ مقابلہ ہوا لیکن فتح عظیم حاصل کی اس لڑائی مین دارا تو بچکر بھاگ گیا لیکن اوسکے تمام عیال و اطفال کو سکندر نے قید کر لیا اس فتح عظیم نے سکندر کا وہ رعب جمایا کہ ریاستہاے قرب و جوار نے خود بخود سکندر کی اطاعت قبول کی بعدہ سکندر نے ترکستان او رشام اور مصر کو بھی زیر حکومت کر کے بمقام دریاے نیل ایک شہر آباد کیا جسکو سکندریہ کہتے ہین جس وقت کہ سکندر مصر مین تھا اوسکو یہ خبر ملی کہ دارا شاہ ایران مع دس لاکھ افواج جرار سے بغرض مقابلہ جنگ آتا ہے یہ خبر سنتے ہی سکندر مصر سے واپس آیا اور مع لشکر دریاے فرات پر عبور کر کے مقام ابجر بزہ مین جو کہ درمیان فرات اور ٹگرس کے واقع ہے خوب دل کھولکر اپنے دشمنون سے مقابلہ کیا مورخ لکھتے ہین کہ سکندر کی پاس کل ۴۷ ہزار فوج تھی جو بمقابلۂ لشکر دارا کچھ بھی وقعت نہین رکھتی تھی لیکن سکندر باوجود اس لشکر قلیل کے نہایت مردانگی اور بہادری سے حملہ آور ہوا قریب تھا کہ سکندر کی فوج شکست کھائے لیکن سکندر خود اپنے چیدہ چیدہ سوارون کے ساتھ دارا کی لشکر مین گھسکر حملہ کیا بہت عرصے تک لڑائی رہی لاکھون آدمی مقتول و مجروح ہوئی انجام کار دارا نے شکست کھائی از ان بعد سکندر ممالک خراسان اور بلخ وغیر کو محکوم کرتا ہوا ہندوستان مین آیا یہان بھی اکثر راجاؤن کو مطیع کر کے واپس گیا بعمر ۳۲ سال شہر بابل مین انتقال کیا حق تو یہ ہے کہ آجتک ثانی اس شہنشاہ نامدار کا دنیا مین نہین ہوا۔ فقط

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اس شخص نے ارسطو کی کتابونکو بہت رواج دیا ۸۰ برس قبل پیدایش حضرت عیسیٰ انتقال کیا

حال سردار سلاح روم




سلاح ایک نامی گرامی سردار ملک روم مین گذرا ہے یہ شخص نہایت عالی خاندان تھا ایک سو سینتیس برس قبل سنہ عیسوی کے یہ ایک غریب آدمی کے گھر مین پیدا ہوا لیکن اسکو ایک امیر کبیر نے پرورش کیا تھا اور بعد امیر مذکور کے سلاح اوسکی دولت کا مالک ہوا اسکو روم مین کونسل سے تعلق تھا اسنے ممالک حبش اور مصر وغیرہ مین بہت شجاعت اور بہادری کے ساتھ کارنمایان کیے اور سردار ماریس کو محکوم کرکے ملک شام اور ارمان مین حکمرانی کرنے لگا یہ دیکھکر حکام روم نے برخلاف اوسکے سازش کی سلاح نے خفا ہوکر اوسپر بھی قبضہ کرلیا اوسکے سامنے کوئی حاکم کان نہ ہلا سکتا تھا بعد ازان اوسنے شاہ یونان کو بھی اپنا محکوم بنایا اس غیر حاضری مین جو لوگ ملک روم مین دخلیاب ہوگئے تھے اونکو نکالکر بلا خوف و اندیشہ سلطنت کرنے لگا لیکن کونسل ایکعلاقہ رومیونمین شل گورنر کے تھا

حال سردار مارقوس انطنی



یہ مشہور سردار حکام ثلث روم مین سے ایک حاکم تھا ۸۳ برس پیشتر سن عیسوی کے پیدا ہوا تھا بعد وفات اپنے والد کے تمام جایداد موروثی بیچکر کھا گیا بعدہ وہ ملک شام مین آیا اور شاہ بطلیموس کو تخت مصر پر بٹھانے مین اپنی شجاعت اور بہادری سے بخوبی مدد کی ازان بعد وہ شہنشاہ قیصر کے ہمراہ روم مین حکمرانی کرنے لگا اور قیصر کا بڑا دوست ہوگیا بعد انتقال قیصر کے اوسنے چاہا کہ مجکو حکومت ملک شام اور مقدونیہ کی ملجائے لیکن وہ اپنے ارادے مین ناکامیاب ہوا برخلاف بروطس اور کیشس قاتلان قیصر کے لڑا اور انکو شکست دی اور دوبارہ مار ڈالنے شاہ جولیس قیصر کے بمقابلہ بروطس کلام فصیح کیے اوسکے بعد وہ مصر کو چلا گیا اور شہر سکندریہ مین تیس برس پہلے پیدایش حضرت عیسیٰ علیہ السلام انتقال کیا اسکی بہادری اور ... مین قسطنطنیہ کا ...

حال سردار مارسلس



یہ دلیر سردار پانچ مرتبہ علاقہ عالیہ کونسل پر ممتاز ہوا اسکی بہادری کی آگے رستم کو عشر عشیر نسبت نہین بسبب اوس کی بہادری اور دلیری کے روم مین اوسکا لقب فتح مند شمشیر روم تھا اسنے ملک گال پر فتحیاب ہوکر وہان کے بادشاہ برطومنس کو قتل کیا اور شہر سرکیوز کو جو جزیرہ سقلیہ مین واقع ہے بعد محاصرہ تین سال فتح کیا اسکے وقت مین ارشمیدس جو کہ نہایت فاضل اور یکتائے زمانہ تھا ایک سپاہی کے ہاتھ سے مارا گیا اسکے مارے جانے کا سردار مذکور نے نہایت رنج و الم کیا ازان بعد وہ مسمے ہنیبل سے جو کہ ایک شجاع سردار تھا مقابلہ کیا اور اسی لڑائی مین دو سو آٹھ برس قبل تولد حضرت عیسیٰ مارا گیا اسکے دشمن نے بڑی شان و شوکت سے اسکو دفن کیا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حال راجگان والاشان ہندوستان جنکا ذکر جنتری سنہ ۱۸۸۴ع مین نہین ہوا ہی

مہاراجہ صاحب بہادر جیسلمیر

والی اس ریاست کے سری مہاراجہ رنجیت سنگہ صاحب بہادر ہین رقبہ ۱۲ ہزار دو سو باون میل مربع ہی فوج قریب ایک ہزار کے رہتی ہے آمدنی اس ریاست کی پانچ لاکہ روپیہ ہے ۱۵ ضرب توپ سلامی کی مقرر ہین

مہاراجہ صاحب بہادر سروہی

اسی علاقہ مین کوہ آبو ہی جہان اکثر صاحبان ولایت بغرض تبدیل آب و ہوا جاتے ہین رقبہ تین ہزار میل مربع ہے آمدنی ل ۲/ر فوج مین ۶۹ سوار اور ۲۱۸ پیادہ ہین رئیس حال اس ریاست کے جناب کیسری سنگہ بہادر ہین ۱۵ ضرب سلامی کے پاتے ہین۔ فقط

مہاراجہ صاحب بہادر جیند

والی ریاست سروپ سنگہ صاحب بہادر ہین مہاراجہ پٹیالہ اور جیند ایک ہی مورث کی اولاد ہین انکا مذہب نانک شاہی ہے سلامی ۱۱ ضرب توپ سرکار سے مقرر ہے رقبہ اس ریاست کا ۱۲۳۶ میل مربع اور آمدنی سات لاکھ روپیہ ہے خراج ۴ لاکھ روپیہ سرکار کو دیتے ہین۔

مہاراجہ صاحب بہادر دھار

یہ ریاست ملک مالوہ مین واقع ہی بانی اسکا انند راؤ پنوار گذرا ہے رئیس حال کو اختیار متبنے ازروی سند مورخہ ۱۱ - مارچ ۱۸۶۲ع کی حاصل ہے رقبہ دو ہزار میل مربع اور آمدنی پانچ لاکھ ۳۷ ہزار روپیہ سالانہ ہی سلامی ۱۵ ضرب توپ سرکار سے مقرر ہے۔ فقط

مہاراجہ صاحب بہادر سمتھر

نام مالک ریاست کا ہندوپت بہادر ہے قوم بندیلہ سے ہین اختیار متبنی ازروی سند مورخہ ۱۱ مارچ ۱۸۶۲ع کی حاصل ہی رقبہ اس ریاست کا ۱۷۵ میل مربع اور آمدنی چار لاکھ سالانہ ہے سلامی ۱۱ ضرب پاتے ہین سرکار انگریزی سے ۱۲ نومبر ۱۸۱۷ع کو عہدنامہ دوستی و حفاظت کا منظور ہوا

نواب صاحب بہادر پالن پور

یہ ریاست کاٹھیاوار مین ماتحت احاطہ بمبئی ہے رئیس قوم افغان لوہانی ہین نام رئیس حال زور آور خان بہادر ہے آمدنی ۳ لاکھ سالانہ ہے تعداد رقبہ ۲۳۸۴ میل مربع ہے فوج مین ایک سو پچاس سوار اور ایک ہزار پیادہ ہین سلامی ۱۱ ضرب سرکار سے ملتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نواب صاحب بہادر رادھن پور



یہ ریاست ماتحت احاطہ بمبئی ہے -
بانی اسکا بہادر خان اصفہانی ہے رقبہ
آٹھ سو تینتیس میل مربع ہے آمدنی ڈھائی لاکھ
سالانہ ہے فوج میں ۲۳۳ سوار اور ۲۴۰
پیادہ ہیں سند متبنی بصلہ خیرخواہی ۱۸۵۶ء
سرکار سے حاصل ہے خراج ۵۵۱۲۴ روپیہ دیتے ہیں

مہاراجہ صاحب بہادر بھون نگر



یہ ریاست بھی احاطہ بمبئی میں شامل ہے
اول بانی اسکا سجک گذرا ہے آمدنی
ریاست آٹھ لاکھ روپیہ سالانہ ہے
ایک لاکھ تیس ہزار روپیہ سرکار کو خراج
کا دیتے ہیں نام والی ریاست کا جسونت سنگھ
بہادر ہے سند متبنی حاصل ہے ۱۱ ضرب سلامی کی ہیں

نواب صاحب بہادر مالیر کوٹلہ




بانی اس ریاست کا شیخ صدرالدین عرف
صدر جہان تھا پہلے یہ ریاست قبضہ سکھان
میں تھی ۱۸۱۸ء میں گورنمنٹ نے رئیس مالیر کوٹلہ
کو مرحمت فرمائی اور خطاب نوابی عطا کیا آمدنی دو لاکھ
رقبہ ۱۶۵ میل مربع ہے نام والی ریاست جناب محمد ابراہیم
علیخان صاحب بہادر ہے سلامی ۱۱ ضرب توپ پاتے ہیں

مہاراجہ صاحب بہادر نابھ



نام والی ریاست بھرپور سنگھ صاحب
بہادر ہے اختیار متبنی از روی سند موضحہ
۵ مارچ ۱۸۶۲ء حاصل ہے سلامی ۱۱ ضرب
توپ سرکار سے مقرر ہے رقبہ ریاست
۸۶۳ میل مربع ہے آمدنی ۷ لاکھ روپیہ سالانہ
اور خراج سرکاری چار لاکھ روپیہ سالانہ ہے

مہاراجہ صاحب بہادر بجاور



بانی خاندان بجاور نرسنگھ دیو پسر زوجہ
غیر منکوحہ جگت راج بوندیلہ ہے والی ریاست
بھان پرتاب سنگھ جی بہادر ہیں بالعوض
خدمات ۱۸۵۷ء ۱۱ ضرب توپ کی سلامی
کا حکم سرکار سے ہوا اختیار متبنی بموجب سند
۱۱ مارچ ۱۸۶۲ء حاصل ہے آمدنی ۳ لاکھ ہے

مہاراجہ صاحب بہادر منڈی



رئیس حال بسر بلبیر سین ہیں جو ۱۸۵۱ء
میں بعد وفات اپنے باپ کے مسند نشین
ہوئے ۱۱ مارچ ۱۸۶۲ء کو اختیار متبنی
دیا گیا - رقبہ ریاست ایک ہزار اسی
میل مربع آمدنی تین لاکھ روپیہ سالانہ ہے
خراج سرکار کو ایک لاکھ دیتے ہیں ۱۱ ضرب سلامی کی ہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حال فضلاے ہندسہ دان وحکماے ذوی الاقتدار خطۂ یونان

حکیم ارشمیدس

یہ فاضل یکتاے زمان باشندۂ شہر سرکیوز کا تھا جو کہ جزیرۂ صقلیہ کے جانب جنوب ومغرب واقع ہے یہ شخص علم ریاضی وہئیت وعلم جرثقیل وعلم آب وعلم مناظرہ مین مہارت اور دستگاہ کامل رکھتا تھا اوسکی تیزی عقل اور رسائی ذہن علوم مذکورہ مین ایسی تھی کہ آج تک یونان مین کوئی ایسا حکیم نہین گذرا ہے اوسنے مصر مین علم جرثقیل کی ذریعہ سے ایسی کلین ایجاد کین کہ جسکے سبب سے پانی دریاے رود نیل کا بلند زمینون مین بہنے لگا بادشاہ جزیرۂ صقلیہ اس حکیم کو بہت عزیز رکھتا تھا اسکی ہر وقت کی ملاقات اور صحبت سے بادشاہ استفادہ حاصل کرتا تھا ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ارشمیدس نے بادشاہ سے کہا مین بذریعۂ علم جرثقیل کے اتنی طاقت رکھتا ہون کہ ایک ذراسی قوت مین لاکھون من کا بوجھ اوٹھالون بلکہ اگر مجکو بیٹھنے کو جگہ ملے تو تمام تختۂ زمین کو اوٹھا سکتا ہون بادشاہ یہ سُنکر سخت متعجب ہُوا اور اوس سے کہا کہ کوئی نمونہ اس علم کا ہمسکو دکھاؤ چنانچہ بموجب حکم اسنے کل تیار کی اور ایک دریا کے کنارہ پر جہان جہاز کھڑا تھا اوس کل کو لیگیا اور تھوڑے عرصہ مین اوسکے ذریعہ سے جہاز مذکور کو آسانی تمام دریا سے خشکی مین کھینچ لیا اور بادشاہ سے کہا کہ یہ نہایت ادنی نمونہ علم جرثقیل کا ہے بادشاہ یہ دیکھکر بہت حیران ہوا اوس کی فضیلت اور دانائی کی نہایت تعریف کی ایک مرتبہ بادشاہ مذکور نے ایک تاج سونے کا تیار کراکے اوسکو تلوایا تول مین پورا نکلا بادشاہ نے حکیم ارشمیدس سے کہا کہ مین چاہتا ہون کہ بغیر گلانے اور توڑنے کے یہ معلوم ہوجائے کہ اس تاج مین کاریگر نے کسی طرح کا میل کیا ہے یا نہین ارشمیدس ایک مدّت تک اسکی فکر مین رہا آخرکار ایک روز یہ حمام مین غسل کرتا تھا کہ اوسکو ایک قاعدہ سوجھا چنانچہ وہ اوسی وقت بادشاہ کی خدمت مین آیا اور اوس تاج کے برابر خالص سونا منگواکر اوس تاج اور سونے کو علیحدہ علیحدہ پانی سے تولا تب دریافت ہوا کہ تاج بہ نسبت خالص سونیکے ہلکا ہے یعنی جس قدر سونا پانی مین ڈالکر تولنے سے گھٹا اوس سے زیادہ تاج گھٹ گیا پس اوسنے دریافت کرکے بادشاہ سے کہا کہ تاج مین کاریگر نے کھوٹا مال ملایا ہے بادشاہ نے تاج کو گلواکر دیکھا تو درحقیقت اوسمین میل تھا جب رومیون نے شہر سرکیوز کو محاصرہ کرکے گھیر لیا اوسوقت ارشمیدس نے ایسی ایسی کلین ایجاد کین جسکے سبب سے اہل روم ناکام رہے اور اوسنے ایک ایسا آتشی شیشہ بنایا جسکی کرنین معکوس ہوتی تھین اوسکے وسیلہ سے رومیون کے تمام جہازون کو جلادیا انجام کار اہل روم نے شہر سرکیوز فتح کرلیا اور ارشمیدس بھی مقتول ہوا یہ حادثہ ۲۱۲ برس قبل تولد عیسی واقع ہوا

اقلیدس مہندس یونانی

یہ نہایت مشہور مہندس گذرا ہے اسکے باپ کا نام نوقطرس تھا علم ہندسہ مین کمال مہارت تھی اسکی تصنیفات سے جو کتاب اقلیدس اسی کے نام سے مشہور ہے درحقیقت ریاضی کی اصل ہے اس سے پہلے یونان مین کسی نے ایسی کتاب نہین تصنیف کی تھی حکماے یونان اپنے اپنے مدرسون کے دروازے پر لکھدیتے تھے کہ وہ شخص ہرگز اس مدرسہ مین نہ آوے جسنے کہ اقلیدس کی تعلیم بخوبی نہ حاصل کی ہو منجملہ مقالات اقلیدس کے اور بہت سی کتابین اسکی تصنیفات سے مشہور ہین یہ شخص علم ہندسہ کا موجد ہوا ہے

حکیم بطلیموس ریاضی دان

زمانۂ سابق مین یہ شخص بڑا فاضل اور ہئیت دان ملک مصر مین گذرا ہے اس کی تصنیفات سے کتاب مجسطی تمام دنیا مین مشہور ومعروف ہے اسکا ترجمہ عربی مین بھی ہوا ہے اور اچھے اچھے فاضل اور عالم اوسکے بخوبی معنی نہین سمجھ سکتے ہین لیکن تبرّکاً اکثر کتب خانون مین یہ کتاب موجود رہتی ہے غرضکہ یہ حکیم یکتاے روزگار علم ہئیت مین اوّل درجہ کا محقق گذرا ہے فقط

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حکیم سقراط یونانی



یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ خطہ یونان ہر علوم وفنون کا معدن تھا چنانچہ منجملہ اور حکما کے یونان کے سقراط بہت بڑا فاضل گذرا ہے یہ شخص ۴۷۱ برس قبل تولد حضرت عیسیٰ شہر اسینہ میں جو کہ یونان میں واقع ہے پیدا ہوا تھا صغر سنی میں اسنے اپنے پیشہ آبائی تجارت کو بہت چالاکی سے حاصل کر کے علوم وفنون کی جانب توجہ کی اور بڑے بڑے فاضلوں کی صحبت میں رہنے لگا تھوڑے ہی عرصہ میں اوسنے اپنے خوبی ذہن کے سبب سے ہر علم وفن میں کمال حاصل کیا حتی کہ اوسکی شہرت تمام دنیا میں ہوگئی اسنے اپنے دوست کو ایک مرتبہ چار ہزار سکے جو اسکا باپ چھوڑ کر مر گیا تھا دیدیے اور پھر اوسکو وصول کرنے کا کبھی خیال بھی نہ کیا شاہ مقدونیہ نے ہر چند چاہا کہ سقراط مجھسے کچھ طلب کرے لیکن اسنے کبھی خواہش کسی امر کی نہیں کی سواے علم وفضل کے اوس میں ایک بڑی خوبی یہ تھی کہ ہر وقت مستقل مزاج رہتا تھا

اوائل عمر میں اوسکو استقلال نہین حاصل تھا لیکن زان بعد اوسنے اپنی نفس کشی سے تمام خیالات دنیوی کو ترک کیا ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ کسی شخص نے سقراط کو ایک تھپڑ بہت زور سے مارا لیکن وہ کچھ نہ بولا بلکہ ہنسنے لگا۔ حکیم افلاطون جسکی دانائی اور فضیلت کا ہر شخص قائل ہے اسکا شاگرد رشید تھا جبکہ سقراط اپنی فطانت اور دانشوری مین مشہور ہوا اور اوس زمانہ مین کوئی حکیم اسکا ہمسر نتھا اس وجہ سے بہت سے لوگ یونان مین اوسکے دشمن ہوگئے اور سقراط پر اسباتکا الزام لگایا کہ یہ شخص جوانان شہر اسینہ کی راے اور اخلاق مین فتور ڈالتا ہے جب سقراط پر یہ الزام اوسکے دشمنون نے بخوبی عائد کر دیا اوسوقت سقراط خود منصفان عدالت کے روبرو گیا اور نہایت مردانگی اور صفائی کے ساتھ اونسے گفتگو کی۔ افلاطون شاگرد سقراط نے اسکے اظہارات درباب تردید الزام جو کہ سقراط نے عدالت مین کئے تھے جمع کئے اور وہ کتاب اب تک (اظہارات سقراط) کے نام سے مشہور ہے چنانچہ انتخاب ایک اظہار کا درج کیا جاتا ہے۔ (اظہار سقراط) تمنے جو الزام میرے ذمہ درباب تبدیل رائے و اخلاق باشندگان شہر اسینہ کے لگایا ہے سو میںنے کب پیشہ معلمی اختیار کیا تھا میںنے تمسے کب کچھ لیکر علم پڑھایا میری مفلسی اسکی شاہد ہے جو میری راے مین آتا ہے مین ہر امیر وغریب کو نصیحت کرتا ہون کہ اس


دنیوی آرام اور تن آسانی کو ترک کرو اور جزوی دولت دنیا پر جو محض ناپائدار ہے ہرگز بھروسہ نہ کرو اور ظاہر ہے کہ نیکی دولت سے نہین حاصل ہوتی ہے بلکہ نیکی سے دولت جاوید دستیاب ہوسکتی ہے اگر ایسی نصیحت کرنے مین کچھ میری خطا ہے تو جو سزا آپ لوگ میرے واسطے تجویز فرماوینگے مین قبول کرونگا اور بسبب ملزم ہونے کے جو مجھپر ناحق کا جرم ثابت کیا گیا ہے مین ہرگز آپ لوگونکی خوشامد نہ کرونگا غرضکہ ایسی صاف گفتگو سے منصفان عدالت جو خوشامد طلب تھے سخت ناراض ہوئے اوسوقت پانچسو منصف عدالت مین موجود تھے اونھون نے فتوی قید دیا لیکن سقراط نے اس خیال سے کہ اگر مین قید رہونگا تو درحقیقت لوگ خیال کرینگے کہ یہ شخص گنہگار ہے قید مین رہنا نامنظور کیا اس انکار سے منصفان عدالت نے خفا ہو کر یہ حکم دیا کہ سقراط زہر نوش کرے چنانچہ سقراط نے اس سزاے موت کو بدل وجان قبول کیا جسوقت پیالۂ زہر سقراط کے سامنے آیا اوسنے بہت دلجمعی سے وہ پیالہ پی لیا اوسوقت سقراط کے رشتہ دارون اور شاگردون سے ضبط نہوسکا بے تحاشہ آہ وزاری کرنے لگے لیکن سقراط کی مستقل مزاجی کو خیال کرنا چاہیے کہ اوس نے اپنے وقت آخر مین اپنے شاگردون اور رشتہ دارونسے برابر نصیحت آمیز کلام کیے سقراط بعد زہر نوش کرنیکے ادھر اودھر چہل قدمی کرتا رہا آخر زہر نے اپنا بخوبی اثر کر لیا اور طائر روح نے قفس عنصری سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پرواز کیا بعدہ افلاطون وغیرہ شاگردان سقراط بخوف دشمنان مقام مکارہ میں حکیم اقلیدس کے گھر چلے گئے سقراط کے مرنے کے بعد بادشاہ و باشندگان ایتھنیہ نے سقراط کا بہت رنج و ماتم کیا۔ فقط

حکیم افلاطون یونانی




افلاطون بہت بڑا حکیم یونان میں گذرا ہے ۴۳۰ برس پیشتر تولد حضرت عیسے کے پیدا ہوا تھا شروع میں افلاطون نے بطور امیرزادوں کے تربیت پائی فن شاعری اور مصوری اوسنے تھوڑے عرصہ میں تحصیل کر کے ۲۰ برس کی عمر میں اپنے سب اوستادونکو ترک کیا فقط سقراط سے علوم حکمیہ سیکھنے شروع کئے اور اوسکی صحبت میں رہکر تھوڑے عرصہ میں کمال حاصل کیا اور مصر میں جاکر علم ہیئت اور ہندسہ سیکھا اور ایران میں جاکر مذہب آفتاب اور آتش پرستوں کا دریافت کیا افلاطون کا ارادہ ہند میں آنیکا تھا لیکن بسبب جنگ ممالک مشرقیہ کے اوسنے آنا مناسب نہ جانا افلاطون نے شہر ایتھنیہ میں ایک مدرسہ بغرض تعلیم جاری کیا اس حکیم کو علم ہندسہ سے اس درجہ شوق تھا کہ اسنے اپنے مدرسہ کے دروازے پر یہ عبارت لکھکر چسپان کردی تھی کہ جو کوئی علم ہندسہ نہ جانتا ہو وہ ہرگز اس مکان میں نہ آوے افلاطون کے بہت سے شاگرد تھے لیکن ان سب میں ارسطو نہایت مشہور ہوا بلکہ اپنے اوستاد پر علم حکمت میں شرف لیگیا اکثر حکیم ہمعصر اوس۔ حسد کرتے تھے لیکن وہ کچھ خیال نہ کرتا تھا اگر کوئی اوس سے بحث کرتا تھا تو افلاطون اوسکو جواب معقول دیکر خاموش ہو رہتا تھا اسکے بڑھاپے تک اعضا صحیح وسالم رہے

حکیم ارسطو یونانی

سب حکماے یونانی کا بادشاہ یہ حکیم ہوا ہے ۳۸۴ برس قبل سنہ عیسوی کے یہ ضلع مقدونیہ کے ایک گانو میں پیدا ہوا تھا اسکے ماں باپ عالم طفولیت میں اسکو چھوڑ کر مر گئے اسی سبب سے اوائل عمر ارسطو کی لہو ولعب میں ضائع ہوئی پیشتر اسنے فوج میں نوکری کی لیکن وہانکا کام اس سے بخوبی نہیں ہو سکتا تھا اٹھارہ برس کی عمر میں وہ نوکری چھوڑ کر شہر ایتھنیہ میں آیا اور حکیم افلاطون کی شاگردی اختیار کر کے اوس سے علوم حکمیہ کی تحصیل کی بادشاہ فیلقوس نے ارسطو کی شہرت سنکر اوسکو طلب کیا اور سکندر کا اتالیق بنایا چنانچہ ارسطو نے سکندر کو تھوڑے ہی عرصہ میں علوم مذکورہ بلاغت۔ ادب۔ علم طبعی اور علم اخلاق وغیرہ سکھا دیئے غرضکہ چودہ برس تک ارسطو شہر ایتھنیہ میں رہا جب سکندر نے انتقال کیا تو ارسطو بسبب خوف شہر ایتھنیہ سے چلا گیا اور چلے جانیکا یہ بہانہ کیا کہ میں نہیں چاہتا ہوں کہ باشندگان شہر ایتھنیہ پھر دوبارہ گناہ کریں جو انھوں نے حکیم سقراط کے مار ڈالنے میں کیا تھا ارسطو نے ۴۰۰ رسالے فصاحت وبلاغت و دیگر علوم میں لکھے تھے بروقت انتقال اسنے اپنی سب تصنیفات ایک دوست کو سپرد کر کے کہا تم انکو کبھی مشہور نکرنا اس شخص نے دوسرے آدمی کو یہ کتابیں حوالہ کیں اوسنے ان کتابونکو دفن کردیا چنانچہ ۱۶۰ برس کے بعد ایک امیر ایتھنیہ نے ان کتابونکو خرید لیا اور سلاح سردار روم نے انکو بہت مروج کیا

حکیم طہلس یونانی



زمانہ سابق میں جو سات دانایان یونانی ہوئے ہیں اونمیں یہ حکیم بھی شمار کیا جاتا ہے اوائل عمر میں یہ مصر میں گیا اور تھوڑے عرصہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہر علم وفن مین شہرہ آفاق ہوا علم ہئیت مین بڑی مہارت رکھتا تھا قاعدہ دریافت کسوف وخسوف اسی حکیم نے ایجاد کیا اور قطر آفتاب اور وہ دائرہ جو آفتاب گرد زمین کی بناتا ہے دریافت کیا اسکے عوض مین ایک امیر نے کچھ روپیہ اسکو دینا چاہا لیکن اسنے انکار کیا اور کہنے لگا مین اور کچھ نہین چاہتا صرف اتنی خواہش ہے کہ یہ ایجاد میرے نام سے مشہور ہو جاے یونان مین سواے اِس حکیم کے اور کسی نے اتنی تحقیقات علم ہئیت مین نہین کی ایک روز یہ حکیم ستارون کا حساب کرتا ہوا چلا جاتا تھا کہ ایک خندق مین گر پڑا ضرب شدید آئی بعد زان یہ حکیم ۵۴۵ برس قبل پیدایش حضرت عیسیٰ مر گیا

عمدۃ الحکما حکیم دیمقراطیس

یہ حکیم یکتای زمانہ شہر آبدار واقع یونان مین پیدا ہوا اسنے تمام کاروبار دنیوی ترک کرکے ایک گوشۂ تنہائی تحصیل علوم کے واسطے اختیار کیا اور ہر وقت تحقیقات علم فلسفہ مین مصروف رہتا تھا کچھ عرصہ کے بعد اسنے اپنی دونون آنکھین پھوڑ ڈالین تاکہ خیال اور طرف نہ رجوع ہو اِس حرکت سے لوگ اوسکو دیوانہ سمجھنے لگے اور اوس زمانہ مین کہ حکیم بقراط نہایت مشہور تھا اسکے علاج کے واسطے لوگون نے بقراط کو طلب کیا بقراط نے آکر دیمقراطیس سے ملاقات کی اور اوسکی علم اور حکمت سے بہت خوش ہوا اور لوگون سے کہنے لگا کہ حکیم دیمقراطیس تو دیوانہ نہین ہے لیکن جو شخص اوسکو دیوانہ کہتے ہین وہ خود مجنون ہین آخر کار بقراط نے اِس حکیم کی شاگردی اختیار کی جسوقت بادشاہ دارا کی بیگم نے انتقال کیا تو وہ بہت غمگین اور پریشان حال ہوا حکیم دیمقراطیس نے بادشاہ سے کہا کہ مین شہزادی کو زندہ کر دونگا لیکن تو مجکو ایسے تین شخص تلاش کرکے دے جنپر کبھی مصیبت نہ پڑی ہو چنانچہ دارا نے ہرچند ایسے آدمی تلاش کرائے لیکن دستیاب نہوئے آخر کار حکیم دیمقراطیس نے کہا کہ اے بادشاہ تجھپر یہ مصیبت نئی نہین ہے بلکہ تمام جہان کے لوگون پر مصیبت اور رنج ہوتے ہین دنیا مین کوئی اِس سے خالی نہین ہے پس تمکو صبر وشکر لازم ہے آخر کار اِس حکیم نامدار نے بعمر ۱۰۹ سال ۳۶۱ برس پہلے تولد حضرت عیسیٰ انتقال کیا

حال حکیم بقراط یونانی

یہ حکیم ۴۰۰ برس قبل تولد عیسیٰ جزیرہ کوس واقع یونان مین پیدا ہوا تھا مورخ لکھتے ہین کہ اگرچہ اِس سے پیشتر حکما نے علم حکمت کے حالات دریافت کیے تھے لیکن وہ ایسے تھے جن مین کسی طرح کی ترتیب اور قاعدہ نتھا لیکن بقراط نے اسکی تحقیقات مین بہت کوشش کی اِس سبب سے بقراط کو موجد علم حکمت سمجھنا چاہیے اوسکی شہرت ایسی ہوئی کہ جن ممالک مین اوس وقت وبا پھیلی ہوئی تھی وہان کے بادشاہون نے بقراط کو طلب کیا لیکن بقراط نہین گیا یہ حکیم اقلیدس کا شاگرد تھا اکثر کتب اسکی تصنیفات سے مشہور ہین

حال حکیم بوعلی سینا

یہ شخص حکماے عرب کا بادشاہ تھا شہر بخارا اسکا مولد ہے۔ عالم طفولیت مین قران مجید پڑھنا شروع کیا ۱۰ برس کی عمر مین تحصیل قران شریف سے فارغ ہوا وہ اِس عمر مین قران کی معنے بخوبی تبلا سکتا تھا اسنے علم حکمت ابو عبداللہ سے تحصیل کیا جب اسکی شہرت ممالک شرقیہ مین ہوئی تو والی شہر جارجیا نے بغرض علاج شہزادہ بوعلی سینا کو طلب کیا اکثر طبیبون نے اِس شہزادہ کا علاج کیا لیکن مطلق فائدہ نہوا بوعلی سینا نے نبض دیکھتے ہی تبلا دیا کہ شہزادے کو عشق کی بیماری ہے بادشاہ نے اوسیوقت ناظر حرم کو حکم دیا کہ محلو نکا نام شہزادے کے سامنے بیان کرے جب یہ حکمت عمل مین آئی شہزادے کی نبض قدرے تیز ہوئی جب کل عورتو نکا نام لیا گیا تو جس لونڈی پر یہ عاشق تھا اوسکا نام سنتے ہی شہزادہ بہت خوش ہوا پس بوعلی سینا نے بادشاہ سے کہا کہ شہزادے کو سوا اِس معشوق کے اور کوئی نہین اچھا کر سکتا ہے

حکیم لقمان

یہ حکیم نامی گرامی جسکے نام سے ہر شخص واقف ہے مقام عبا سینا اور بقول بعض مورخین عرب مین پیدا ہوا یہ حکیم مذہب عیسائی رکھتا تھا تاریخ پیدایش ووفات کسی کتب انگریزی سے تحقیق نہین معلوم ہوئی

حکیم جالینوس

یہ حکیم شہر فرغاملیس واقع قسطنطنیہ مین گذرا ہے علم تشریح مین بڑا لائق تھا اسکی تالیف وتصنیف سے ایک سو رسالے مروج ہین علوم فلسفہ وریاضی وغیرہ مین بھی کامل تھا ستاسی برس کی عمر پاکر انتقال کیا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri


حال شعرای یونان وسوانح عمری شعرای اہل ولایت وہندوستان

حال ہومر ملک الشعرا یونان




یہ شاعر یونان مین نو سو برس پہلے سنہ عیسوی کے پیدا ہوا تھا بڑے بڑے فاضل متفق اللفظ ہوکر کہتے ہین کہ آج تک ایسا شاعر کسی ولایت مین نہین گذرا شعرای فرنگستان وروم ویونان نے اسکے طرز بیان کو اختیار کیا ہے اُس بادشاہ سخن کے کلام مین ایسی فصاحت وبلاغت ہے کہ بیان اوسکا ممکن نہین۔ اسکی دیوان کا ترجمہ زبان یونانی سے انگریزی مین مسمی پوپ منتخب الشعرا فرنگستانی کیا ہی یونان کی اکثر حکما ارسطو وافلاطون وغیرہ ہومر کے دیوان کو مطالعہ فرماکر استفادہ حاصل کرتے تھے یہ شاعر نابینا تھا۔ فقط

پندارس شاعر یونانی



یہ شاعر مقام تھیب واقع یونان مین گذرا نظم لارک ہین کہ ایک قسم کی شاعری ہے بادشاہ کہلاتا تھا مورخین کا بیان ہی کہ جسوقت سکندر نی شہر تھیب فتح کیا تو ملک مفتوحہ پر ہر طرح کے تکالیف اور مصائب نزول ہوئے لیکن سکندر نی اس شاعر کا اتنا ادب اور تعظیم کی کہ اسکے اہل وعیال کو کسی طرح کا صدمہ پہونچنے نہ دیا

شاعر صوفقلس



یہ شاعر یکتای زمانہ ۴۹۵ برس پیشتر سنہ عیسوی کے گذرا ہے اسکا لقب شہد کی مکھی تھا وجہ تسمیہ اسکی یہ ہی کہ اسکے کلام مین نہایت شیرینی ہوتی تھی (سسرو) فصیح روم اسکی بہت تعریف کرتا تھا اس شاعر نے ۴۰۶ برس قبل پیدایش حضرت عیسیٰ انتقال کیا

حال حضرت جلال الدین رومی معروف بہ مولانای روم

یہ بزرگ سنہ ۶۰۴ھ سنہ ۱۲۰۷ع مین پیدا ہوئے مولد آپکا شہر بلخ ہے۔ اوائل عمر مین تحصیل مسائل صوفیہ مین مشغول ہوئے اور زندگی ایک گوشۂ تنہائی مین بسر کی صوفی ایک فرقہ ہی کہ اکثر ولایتونمین اس فرقہ کے آدمی موجود ہین بڑا مطلب ان لوگونکا یہ ہوتا ہی کہ یہ اپنے مقاصد مین کو پوشیدہ عبارت مین بیان کرتے ہین چنانچہ افلاطون کا قول ہے کہ دانائی ان ہی لوگون سے حاصل ہوتی ہے۔ جلال الدین علیہ الرحمۃ کی ایک عمدہ اور مستند کتاب جسکو (مثنوی مولانای روم) کہتے ہین نہایت مشہور ہے اوسکے مطالعہ سے خوبی ذہن اور تیزی عقل مصنف کی بخوبی ظاہر ہوتی ہے اکثر مقامات اس کتاب مین ایسے ہین کہ اوسکی معنے اچھے اچھے اوستادون سے حل نہین ہوسکتے۔ تمام مشرقی شاعرونمین سے جلال الدین نی زبان مبالغہ بہت کم استعمال کی ہی انکا بڑا قول یہ تھا کہ زیادہ گوئی اور ہر ایک سے ملاقات نہین چاہئیے اور کسی بیگانی محفل مین ایسا کلام نہ کرے کہ لوگ بیوقوف سمجھین جب کوئی آدمی کسی مجلس مین جاکر بیٹھے تو آپ کو مثل منافق کے مسجد مین اور کودک کے مکتب مین اور اسیر کے زندان مین سمجھے خلاصہ یہ کہ کم گوئی بہر حال انسب ہے اور زیادہ گوئی باعث حقارت کا ہے دو رباعیان مولانای مذکور کی تبرکاً درج کیجاتی ہین

آنکس کہ ترا شناخت جانرا چہ کند
فرزند وعیال وخانمان راچہ کند
دیوانہ کنی ہردو جہانش بخشی
دیوانۂ تو ہردو جہان راچہ کند

ولہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

خوش باش کہ خوش نہاد باشد صوفی
از باطن خویش شاد باشد صوفی
صوفی صافی ست غم برو ننشیند
کیخسرو و کیقباد باشد صوفی

حال حضرت نظامی گنجوی

یہ شاعر چھیٹاں سنہ ع کے اخیر مین پیدا ہوا تھا انکی تصنیفات سے کتاب مخزن اسرار و مثنوی لیلی مجنون و ہفت پیکر و سکندر نامہ وغیرہ نہایت مشہور ہین حقیقت مین انکی زبان نہایت پاکیزہ اور مبالغہ دار اور الفاظ ملیح سے آراستہ ہے انکے خیالات نہایت عالی ہین اور انکی کتابین بنام خمسہ مشہور ہین

حال حضرت شیخ سعدی

آپکا نام ابو مصلح اور باپ کا نام عبداللہ تھا چونکہ شیخ مذکور کا ظہور اتابک سعد زنگی کے عہد مین ہوا تھا اس سبب سے انھون نے اپنا تخلص سعدی رکھا آپ نے علوم ظاہر مدرسہ نظامیہ واقع بغداد مین شیخ شمس الدین ابو الفرج بن جوزی سے تحصیل کیے جسکا تذکرہ بوستان کی ساتوین باب کی بارھوین حکایت مین کیا ہے - یہ شیخ شہاب الدین کے مرید تھے ارادت انکی اس مصرع سے مفہوم ہے مصرع
مرا پیر دانائے مرشد شہاب + آپنے مدت العمر مین چودہ مرتبہ حج کیا اور اکثر جنگ و جہاد مین شریک رہے ہندوستان مین آکر سومنات کو دیکھنے گئے جسکا حال بوستان کی آٹھوین باب کی آخر حکایت مین مذکور ہے ایام پیری مین شیخ نے ایک نکان شہر کے باہر ہوایا اور اوس مین گوشہ نشینی اختیار کی باہر نکلنا بالکل ترک کیا آپکے پاس بادشاہ امیر و فقیر زیارت کے واسطے آتے تھے اور طرح طرح کے کھانے انکے لیے لاتے تھے شیخ اونمین سے تھوڑا تناول کر کے باقی محتاجون اور مسکینونکو تقسیم کر دیتے تھے لطف یہ ہے کہ آپ باوصف کشف و کمال کے لطائف و ظرائف مین بے مثل تھے کتاب گلستان و بوستان آپ کی فضل و بلاغت پر دال ہے اگرچہ فارس و شیراز مین بڑے بڑے شاعر گذرے ہین لیکن بلاغت و فصاحت مین سعدی کو کہین اونپر سبقت ہے اور آپکے نام مبارک سے ایک بچہ تک واقف ہے - فقط

حال خواجہ حافظ شیرازی

یہ باشندۂ شہر شیراز مین دیوان حافظ آپ کی تصنیف سے تمام دنیا مین مشہور ہے علم قرأت مین کمال حاصل تھا آپ ہر شب جمعہ کو مسجد شیراز مین قرآن مجید نہایت خوش الحانی کے ساتھ صبح تک پڑھا کرتے تھے آپنے ۷۹۲ ہجری مین انتقال فرمایا انکے دیوان کا ترجمہ زبان انگریزی مین بھی ہوا

مولانا عرفی

آپ کے کلام مین لطافت و متانت بہت پائی جاتی ہے - شہر شیراز کے باشندے تھے مصنف تذکرہ ہفت اقلیم لکھتا ہے کہ اوائل عمر مین دکن مین وارد ہوئے مسیح الدین حکیم ابو الفتح عرفی کے ساتھ تواضع سے پیش آئے جب مسیح الدین نے وفات پائی اوسوقت عبدالرحیم خان خاناں سپہ سالار شہنشاہ اکبر نے عرفی کی نہایت خاطرداری کی جس وقت انکی شہرت زیادہ ہوئی تو شہنشاہ اکبر نے عرفی کو طلب کرکے اپنے معززین مین داخل کیا بعد چند روز کے مرض اسہال مین مبتلا ہو کر انتقال فرمایا نزع کے وقت جو دو رباعیاں آپنے پڑھیں وہ درج ذیل کی گئین - رباعی

عرفی دم نزع ست ہمان مستی تو
آخر بچہ مایہ بار بربستی تو
فردا است کہ دوست نقد فردوس بکف
جویائے متاع است و تہی دستی تو

رباعی

یارب بہ عفوت بہ پناہ آمدہ ام
سرتا بقدم غرق گناہ آمدہ ام
چشمے بکرم بخش کہ از غایت شوق
بے دیدہ بامید نگاہ آمدہ ام

حال فردوسی طوسی

یہ شاعر عالی دماغ سنہ ۳۴۰ع مین پیدا ہوا تھا مولد آپ کا طوس واقع خراسان ہے انکا باپ بطور باغبان کے بادشاہ طوس کا ملازم تھا فردوسی اور انکا بھائی مزدوری کیا کرتے تھے لیکن فردوسی کو تحصیل علوم کا بہت شوق تھا فردوسی کے ہمسایون مین ایک شخص نے اس سے کمال دشمنی اختیار کی اس باعث سے فردوسی وہان سے پریشان ہو کر شہر غزنی مین چلا گیا ان دنون مین محمود غزنوی وہان کا بادشاہ تھا انکی دربا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

